لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED

Daily SEHAR لاہور

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ

روزنامہ سحر

چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

جلد: 19 | جمعۃ المبارک 16 اکتوبر 2026ء 4 جمادی الاول 1448ھ | 32 صفحات | قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 262

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com

.206 اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے o (سورۃ البقرہ)

پشاور سکول کی چھت گرنے سے 34 بچے خاتون ٹیچر جاں بحق اور متعدد زخمی

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کا اسکول کی چھت گرنے کے واقعہ پر دکھ اور افسوس کا اظہار، رپورٹ طلب کرلی، زخمی بچوں کو بہترین اور بروقت طبی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے، مشیر اطلاعات کی انتظامیہ کو ہدایت، انکوائری کمیٹی قائم

اسکول کی عمارت میں ناقص میٹریل کا استعمال ہوا تھا، چھت وزن کو برداشت نہیں کرسکی، پولیس تفتیشی افسر، صدر زرداری، وزیراعظم کی متعلقہ حکام کو زخمیوں کو علاج کی بہترین سہولیات فراہم کرنے اور متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن امداد پہنچانے کی ہدایت

پشاور /اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صوبائی دارالحکومت پشاور میں اسکول کی چھت گرنے سے 34 بچوں سمیت 35 افراد جاں بحق اور متعدد سے زائد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق اسکول کی چھت گرنے کا واقعہ پشاور کے علاقے دیر کالونی میں پیش آیا ہے، صبح 8 بج کر 48 منٹ پر اسکول کی چھت گرنے کی اطلاع ملی تھی۔ لیڈی ریڈنگ اسپتال انتظامیہ کے مطابق واقعے میں 34 بچے اور ایک خاتون ٹیچر جاں بحق ہوئی ہیں۔ ریسکیو حکام کے مطابق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سینٹ کے اجلاس میں راجہ پرویز اشرف سے مصافحہ کرتے ہوئے

دیہی خواتین پنجاب کی ترقی اور خوشحالی میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں، مریم نواز شریف

دیہی خواتین کی عظمت، قربانی اور انتھک محنت کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں، دیہی خواتین محنت، محبت، احساس ذمہ داری اور قربانی کی زندہ مثال ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے دیہی خواتین کے عالمی دن پر پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ دیہی خواتین کے حقوق کا دن منانے کا مقصد دیہاتی خواتین کی محنت اور کاوشوں کا اعتراف کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیہی خواتین کی عظمت، قربانی اور انتھک محنت کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں، دیہی خواتین محنت، محبت، احساس ذمہ داری اور قربانی کی زندہ مثال ہیں، دیہی خواتین کی محنت سے پنجاب کی زمین لہلہاتی ہے، گھر آباد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

پاکستان امداد، تجارت اور سرمایہ کاری کی جانب منتقل ہو رہا ہے

وزیر خزانہ

حکومت معاشی استحکام، مالیاتی نظم وضبط، محصولات میں اضافے اور ڈھانچہ جاتی اصلاحات کے ذریعے پائیدار معاشی ترقی کے لیے پرعزم ہے، محمد اورنگزیب کا سرمایہ کاری سیمینار سے خطاب

بنکاک (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان بیرونی قرضوں کا مجموعی حجم بڑھائے بغیر بین الاقوامی ذرائع سے مالی معاونت کے راستے متنوع بنا رہا ہے اور مہنگے قرضوں کے بجائے نسبتاً کم لاگت کے مالی وسائل حاصل کرنے کی کوشش کر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

اہم خبریں

وزیرِ خزانہ کی تھائی لینڈ کے نائب وزیراعظم و وزیرِ خزانہ سے ملاقات، دوطرفہ تجارت، سیاحت اور اقتصادی تعاون پر گفتگو

بینکاک (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیرِ خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے موقع (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

وزیراعظم محمد شہباز شریف کا گورنر خیبر پختونخوا سے ٹیلی فونک رابطہ، سکول سانحہ پر اظہار افسوس، رپورٹ طلب کرلی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے ٹیلیفونک رابطہ کرکے پشاور میں سکول کی چھت گرنے کے واقعے میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: جسٹس منیب اختر قائم مقام چیف جسٹس آف پاکستان کے عہدے کا حلف اٹھاتے ہوئے

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق

پی ٹی آئی کے رویئے میں تبدیلی لانے سے گورنر راج واپس بھی ہوسکتا ہے، اگر ایک چیف منسٹر سرکاری اخراجات پر آکر ملک بند کرنا چاہئے تو پھر ساتھ نہیں دیا جاسکتا، راجہ پرویز اشرف، محسن نقوی ودیگر کا پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب

5 سال خیبر پختونخوا حکومت تخت لاہور کی لڑائی کیلئے استعمال ہوئی، اصل فیصلہ سازوں کا احتساب کب ہوگا، ایمل ولی خان، گڈ طالبان اور بیڈ طالبان کی طرح گڈ پی ٹی آئی اور بیڈ پی ٹی آئی بھی ہے، گورنر راج نہ لگاتے تو گڈ پی ٹی آئی کو ہی حکومت دے دیتے، کامران مرتضیٰ ایڈووکیٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کی تحریک کثرت رائے سے منظور کرلی۔ جمعرات کو پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس اسپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت شروع ہوا، چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی، حکومتی واپوزیشن اراکین کی بڑی تعداد اجلاس میں شریک ہوئی۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج سے متعلق کاغذات مشترکہ اجلاس کے سامنے پیش کیے گئے، صدر مملکت کی جانب سے ایمرجنسی کے نفاذ سے متعلق کاغذات آرٹیکل 232 کی شق 7 کے تحت جبکہ گورنر راج کے نفاذ کے کاغذات آرٹیکل 234 کی شق 3 کے تحت پیش کیے گئے، وفاقی وزیر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

اختلافِ رائے کا حق ختم کرنا معاشرے کیلئے خطرناک ہے، راجہ ناصر عباس

لانگ مارچ آئینی اور جمہوری حق ہے، اختلاف رائے کا حق ختم کرنا معاشرے کے لیے خطرناک ہے، قائد حزب اختلاف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹ میں قائدِ حزبِ اختلاف علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ لانگ مارچ آئینی اور جمہوری حق ہے، اختلاف رائے کا حق ختم کرنا معاشرے کے لیے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

محسن نقوی اور بلاول بھٹو کی ملاقات، گورنر راج کے بعد کی سیاسی حکمتِ عملی پر تبادلہ خیال

وزیرِ داخلہ نے خیبر پختونخوا کی سیکیورٹی صورتِ حال سے بلاول بھٹو زرداری کو آگاہ کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو اور وزیرِ داخلہ محسن نقوی کے درمیان ون ٹو ون ملاقات ہوئی جس میں گورنر راج کے بعد کی سیاسی حکمتِ عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

گورنر راج کا دو ماہ بعد بھی جائزہ لیا جاسکتا، مذاکرات کی گنجائش ہمیشہ رہتی ہے

خواجہ آصف

گورنر راج کے نفاذ کے چھ ماہ بعد صورت حال کا جائزہ لیا جائے گا، تاہم یہ جائزہ دو ماہ بعد بھی ممکن ہے، انہوں نے دعویٰ کیا کہ صوبے میں وفاقی اقدامات کے خلاف زمینی سطح پر کوئی نمایاں ردعمل سامنے نہیں آیا

حکومت کے ساتھ مذاکرات کرنے والے افراد وزیراعلیٰ سے ہدایات لیتے تھے، جبکہ وزیراعلیٰ خود ایسے شخص سے ہدایات لیتے تھے جو افغانستان میں بیٹھا ہے، وزیر دفاع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج فی الحال چھ ماہ کے لیے نافذ کیا گیا ہے، تاہم اس کا دو ماہ بعد بھی جائزہ لیا جا سکتا ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

وزیرِ خزانہ کی اقوامِ متحدہ کی نائب سیکریٹری جنرل سے ملاقات

باروئرز فورم، ترقیاتی و موسمیاتی مالیات اور عالمی جنوب کی موثر نمائندگی پر گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے جمعرات کو اقوامِ متحدہ کی نائب سیکریٹری جنرل آمنہ جے محمد سے ملاقات کی جس میں ترقیاتی مالیات، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد: چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی سے سیکرٹری وزارت عاصم افتخار احمد ملاقات کرتے ہوئے

شہری کو وافر محفوظ غذا، غذائیت بخش اور سستی خوراک کی فراہمی کیلئے عزم، رانا تنویر حسین

قومی بیج پالیسی اور قومی زرعی بائیوٹیکنالوجی پالیسی منظور ہوچکی ہیں، قومی بیج پالیسی معیاری، تصدیق شدہ اور موسمیاتی اثرات کے خلاف مزاحم بیجوں تک بروقت رسائی بہتر بنائے گی

بچوں میں غذائی کمی تشویش ناک ہے، خوراک کا ضیاع گھٹانا اور زراعت کو غذائیت کے اہداف سے جوڑنا ضروری ہے، چھوٹے کسانوں، خواتین اور نوجوانوں کو جدید زراعت سے فائدہ پہنچانا پالیسیوں کی ترجیح ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ ہر شہری کو وافر، محفوظ، غذائیت بخش اور سستی خوراک کی فراہمی کے لیے پرعزم ہیں۔ رانا تنویر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

وفاقی آئینی عدالت نے سہیل آفریدی کی نااہلی سے متعلق درخواست غیر مؤثر ہونے پر نمٹادی

یہ کیس صرف اکیڈمک سوال کی حد تک رہ گیا، اگر سہیل آفریدی بحال ہوئے تو درخواستیں دوبارہ بحال کرواسکتے ہیں، چیف جسٹس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے سہیل آفریدی کی نااہلی سے متعلق درخواست غیر مؤثر ہونے پر نمٹادی۔ جمعرات کو دوران سماعت چیف جسٹس امین الدین نے کہا کہ ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد سہیل آفریدی عہدے پر نہیں، اس وقت یہ کیس صرف اکیڈمک سوال کی حد تک رہ گیا ہے، اگر سہیل آفریدی بحال ہوئے تو شیر افضل مروت درخواستیں دوبارہ بحال (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

جعلی ڈگری کا فوجداری مقدمہ، جمشید دستی کی عبوری ضمانت منظور، سپریم کورٹ کے جسٹس شہزاد ملک کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ نے جعلی ڈگری کے فوجداری مقدمے میں پاکستان تحریکِ انصاف کے رہنما جمشید (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے

حکومتِ پاکستان نے انسانی سمگلنگ اور غیر قانونی ٹریول ایجنٹس کے خلاف گھیرا تنگ کردیا ہے، طلال چوہدری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ حکومتِ پاکستان نے انسانی سمگلنگ اور غیر قانونی ٹریول ایجنٹس کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے روس کے سفیر ملاقات کرتے ہوئے

اسحاق ڈار کا پشاور میں سکول کی چھت گرنے سے قیمتی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس، ہمارے بچے ہمارا سب سے قیمتی سرمایہ ہیں اور اس طرح کا جانی ضیاع پورے ملک کیلئے بڑا سانحہ ہے، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے پشاور میں نجی سکول کی چھت گرنے کے نتیجے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں وزیراعظم شہباز شریف نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے گرم جوشی سے مصافحہ کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں وزیراعظم شہباز شریف نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے گرم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

خانہ کعبہ پر باران رحمت، بارش میں عبادت، طواف کے روح پرور مناظر

مکہ کلاک ٹاور پر آسمانی بجلی گرنے کا منظر بھی کیمرے کی آنکھ نے محفوظ کرلیا

مکہ مکرمہ (مانیٹرنگ ڈیسک) مکہ مکرمہ میں موسلا دھار بارش کے دوران ایمان افروز مناظر نے دلوں کو چھولیا خانہ کعبہ کے گرد بارش کی بوندوں میں بھیگتے عمرہ زائرین طوافِ کعبہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ پر شہریوں کا مکمل اظہارِ اطمینان

صوبے کو مسائل میں جھونک کے جانے والی گزشتہ حکومت کے کڑے احتساب کا مطالبہ

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کے بعد امن وامان کی صورتحال بہتر، معمولات زندگی رواں دواں ہے۔ شہریوں نے صوبہ میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ پر مکمل اطمینان کا اظہار کیا۔ خیبر پختونخو کے شہریوں نے کہا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد صوبہ میں کوئی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں کارروائیاں 7 دہشتگرد ہلاک

دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور انکے مقامی سہولت کاروں کی بہادر شہوں کو قیمت پر ناکام بنایا جائیگا، صدر مملکت

سیکیورٹی فورسز نے 12 اور 13 اکتوبر کی درمیانی شب واشک میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا: آئی ایس پی آر

پوری قوم دہشتگردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کی اس جنگ میں اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، وزیر داخلہ محسن نقوی

کوئٹہ /اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان اور انسانی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

بیرسٹر گوہر کا عمران خان کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ سے اظہار لاتعلقی

پی ٹی آئی موجودہ اکاؤنٹ کو کلیم نہیں کرتی، بیرسٹر گوہر کا اسلام آباد ہائیکورٹ میں بیان..... جو کہنا ہے تحریری جمع کرائیں، عدالت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے عمران خان کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ سے لاتعلقی کا اظہار کر دیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں بانی پی ٹی آئی کا ایکس اکاؤنٹ بند کرنے سے متعلق کیس کی سماعت جسٹس ارباب محمد طاہر نے کی جس دوران چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان عدالت کے سامنے پیش ہوئے جبکہ بانی پی ٹی آئی کے وکلاء خالد یوسف چوہدری، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

روسی وزیر داخلہ پاکستان کا 4 روزہ دورہ مکمل کرکے واپس چلے گئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) روسی وزیر داخلہ ولادیمیر کولاکولتسیف پاکستان کا 4 روزہ دورہ مکمل کرکے چلے گئے۔ وفاقی وزیر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

وزیرِ خزانہ کی علی بابا انٹرنیشنل ڈیجیٹل کامرس کی قیادت سے ملاقات، ڈیجیٹل معیشت اور جدید ٹیکنالوجی میں تعاون پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے جمعرات کو علی بابا انٹرنیشنل ڈیجیٹل کامرس کی قیادت سے ملاقات کی جس میں پاکستان کی ڈیجیٹل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

غذائی تحفظ کیلئے قومی، علاقائی اور عالمی سطح پر مشترکہ کاوشوں کی ضرورت ہے، صدر مملکت

مکالمہ، باہمی تعاون اور تنازعات کا پُرامن حل ایک ایسے سازگار ماحول کے قیام کے لیے ناگزیر ہیں

خوراک کی ترسیل کے نظام کو مضبوط بنانے اور غذائی تحفظ کو لاحق خطرات سے نمٹنے کے لیے مل کر کام کرنا چاہئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے غذائی تحفظ کیلئے قومی، علاقائی اور عالمی سطح پر مشترکہ کاوشوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومتوں، محققین، نجی شعبے اور بین الاقوامی شراکت داروں کو جدت کے فروغ، خوراک کی ترسیل کے نظام کو مضبوط بنانے اور غذائی تحفظ کو لاحق خطرات سے نمٹنے کے لیے مل کر کام کرنا چاہئے، مکالمہ، باہمی تعاون اور تنازعات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

بینکاک: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب بینک آف امریکہ کا وفد ملاقات کرتے ہوئے

پاکستان اور ورلڈ بینک گروپ کا سی پی ایف پر عمل درآمد تیز کرنے اور ترقیاتی نتائج بہتر بنانے کے عزم کا اعادہ

بینکاک (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور اور ورلڈ بینک گروپ پاکستان کے گورنر، احد چیمہ نے بینکاک میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے 2026 کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

بلاول بھٹو زرداری سے فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی کی چیئرپرسن فاطمہ مجید کی ملاقات، ماہی گیروں کے مسائل پر گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی کی چیئرپرسن فاطمہ مجید نے سوسائٹی کے منیجر ایاز سومرو کے ہمراہ پارلیمنٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

ایک سیاسی جماعت کو ختم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، بیرسٹر گوہر

ملک میں ایسے حالات نہیں تھے کہ ایمرجنسی یا گورنر راج نافذ کیا جاتا، پوری بیوروکریسی کو تبدیل کردیا گیا ہے

کھوکھلے مذاکرات اور دعوؤں سے مسائل حل نہیں ہوتے، حکومت بتائے کہ مذاکراتی عمل کیوں ختم ہوا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پاکستان تحریکِ انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ملک میں ایسے حالات نہیں تھے کہ ایمرجنسی یا گورنر راج نافذ کیا جاتا، ایک سیاسی جماعت کو ختم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

وفاقی وزیرِ خزانہ محمد اورنگزیب کی موڈیز سے ملاقات

پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ میں مزید بہتری اور عالمی سرمایہ منڈیوں تک رسائی پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر موڈیز کے نمائندوں سے ملاقات کی جس میں پاکستان کے معاشی منظرنامے اور خودمختار کریڈٹ پروفائل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

جعلی ادویات کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں، وزیر صحت

وزارت صحت ڈیڑھ سال سے میڈیسنز پر 2D بارکوڈ کے نفاذ کے لیے کام کررہی ہے، مصطفیٰ کمال

نئے نظام کے تحت عام شہری موبائل ایپلی کیشن کے ذریعے ادویات کی اصلیت یا نقلی ہونے کی تصدیق کرسکیں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ملک بھر سے جعلی ادویات کے خاتمے کا تہیہ کر رکھا ہے، وزارت گزشتہ ڈیڑھ سال سے ادویات پر 2D بارکوڈ کے نفاذ کے لیے کام کر رہی ہے تاکہ ان کی شناخت اور اصلیت کی تصدیق کو یقینی بنایا جاسکے۔ ان خیالات کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

وزارت خارجہ نے دستاویزات کی تصدیق کیلئے مکمل ڈیجیٹل نظام کروادیا

جس کے تحت شہری اب گھر بیٹھے آن لائن درخواست دے سکیں گے اور تصدیق کا عمل مکمل ہونے پر انہیں ای سٹیٹفکیٹ ای میل کے ذریعے جاری کیا جائے گا

نئے نظام کے تحت شہریوں کو دستاویزات کی تصدیق کے لیے وزارت خارجہ کے دفاتر کے بار بار چکر لگانے کی ضرورت نہیں ہوگی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت خارجہ نے دستاویزات کی تصدیق کے لیے مکمل ڈیجیٹل نظام متعارف کرا دیا ہے، جس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

وزیرِ خزانہ کی تھائی لینڈ کے نائب وزیرِ اعظم سے ملاقات

ملاقات میں دونوں جانب سے اعلیٰ سطح کے روابط اور دوروں کی بحالی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

بنکاک (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے تھائی لینڈ کے نائب وزیرِ اعظم و وزیرِ خزانہ ایکنیتی تیتھیتھان پراپاس سے جمعرات کو ملاقات کی جس میں دوطرفہ تجارت کے فروغ، ثقافتی روابط کے استحکام اور سیاحت کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ عالم بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر ہونے والی ملاقات میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

تحریکِ تحفظِ آئین پاکستان کا حکومت سے مذاکرات ختم کرنے کا اعلان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) تحریکِ تحفظ آئین پاکستان نے حکومت سے مذاکرات ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔ اعلامیے کے مطابق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

دیہی خواتین کو ڈیجیٹل سکلز اور آئی ٹی کی تربیت دینا وقت کی اہم ضرورت، ٹیکنالوجی کے ذریعے خواتین کو بااختیار بنا رہے ہیں، شہزہ فاطمہ خواجہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شہزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ دیہی خواتین کو ڈیجیٹل سکلز اور آئی ٹی کی تربیت فراہم کرنا دورِ حاضر کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے بڑھتے واقعات کے باعث ایمرجنسی نافذ کی گئی، اعظم نذیر تارڑ

جب کوئی صوبہ بدامنی کی لپیٹ میں ہو تو سیاست روک کر ریاست کو ترجیح دینے کا وقت ہوتا ہے

ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کرنا پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کا اختیار ہے، وفاقی وزیر کا پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے بڑھتے واقعات کے باعث ایمرجنسی نافذ کی گئی، جب کوئی صوبہ بدامنی کی لپیٹ میں ہو تو سیاست روک کر ریاست کو ترجیح دینے کا وقت ہوتا ہے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی تمام تر توجہ سیاست پر مرکوز تھی، ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کرنا پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کا اختیار ہے۔ جمعرات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

لاہور: پاک فوج کی ٹیم کا برطانیہ میں منعقد ہونے والے کیمبرین پٹرول 2026 مقابلے میں سلور میڈل جیتنے کے بعد گروپ فوٹو

تحصیل پتوکی میں ڈپٹی ڈرگ کنٹرولر بلال یسین کے میڈیکل سٹورز پر چھاپے، بغیر لائسنس چلنے والا ایک میڈیکل سٹور سیل

تحصیل پتوکی میں ڈپٹی ڈرگ کنٹرولر بلال یسین کے میڈیکل سٹورز پر چھاپے، بغیر لائسنس چلنے والا ایک میڈیکل سٹور سیل

پتوکی (نامہ نگار) تحصیل پتوکی میں ڈپٹی ڈرگ کنٹرولر بلال یسین کے میڈیکل سٹورز پر چھاپے، بغیر لائسنس چلنے والا ایک میڈیکل سٹور سیل جبکہ دو میڈیکل سٹورز کو خلاف ورزیوں پر جرمانے عائد کر دیے گئے۔ کارروائی کے دوران ادویات کے نمونے حاصل کر کے ڈرگ ٹیسٹنگ لیبارٹری بھجوا دیے گئے۔ ڈپٹی ڈرگ کنٹرولر بلال یسین نے تحصیل بھر میں مختلف میڈیکل سٹورز کی چیکنگ کی، جہاں وارنٹی کی عدم موجودگی اور نشہ آور ادویات کا ریکارڈ اور کارڈز مکمل نہ ہونے پر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ بلال یسین کے مطابق ڈسٹری بیوٹرز سے میڈیکل سٹورز تک ادویات کی سپلائی، وارنٹی اور فروخت کی کڑی نگرانی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

وزیر اعلیٰ پنجاب جیل ریفارمز ایجنڈے پر تاریخی پیش رفت حکومت پنجاب نے ناخواندہ قیدیوں کیلئے بنیادی تعلیم حاصل کرنے پر تیس دن کی خصوصی معافی کی منظوری دے دی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) محکمہ داخلہ پنجاب نے پاکستان پریزنرز رولز 1978 میں ترمیم کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا اب ناخواندہ سزا یافتہ قیدی منظور شدہ خواندگی پروگرام مکمل کرنے پر تیس دن کی خصوصی معافی کے حقدار ہوں گے قیدیوں کو پڑھنے لکھنے اور حساب کتاب کی بنیادی مہارتوں میں قابلیت کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنا ہوگا سرٹیفکیٹ محکمہ خواندگی و غیر رسمی بنیادی تعلیم کے منظور شدہ پروگرام کے تحت جاری کیا جائے گا تعلیمی قابلیت کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے پر سپرنٹنڈنٹ جیل کی جانب سے تیس دن کی خصوصی سزا معافی دی جائے گی وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ بھر کی جیلوں میں مئی 2026 سے تعلیم بالغان پروگرام جاری ہے لٹریسی پروگرام میں اب تک 11317 اسیران نے لٹریسی امتحان پاس کیا پنجاب کی 43 جیلوں میں قائم 182 لٹریسی سینٹرز میں اس وقت 4173 اسیران زیر تعلیم ہیں زیر تعلیم اسیران میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

ڈپٹی کمشنر گجرات نورالعین قریشی اور ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے کھاریاں کے موضع باہروال میں قائم المدثر اسپیشل ایجوکیشن کمپلیکس میں عالمی یوم تحفظِ سفید چھڑی کے موقع پر منعقدہ خصوصی تقریب کا افتتاح کیا

لالہ موسیٰ (محمد شہزاد دلبر) ڈپٹی کمشنر گجرات نورالعین قریشی اور ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے کھاریاں کے موضع باہروال میں قائم المدثر اسپیشل ایجوکیشن کمپلیکس میں عالمی یوم تحفظِ سفید چھڑی کے موقع پر منعقدہ خصوصی تقریب کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر المدثر اسپیشل ایجوکیشن کمپلیکس کی انتظامیہ نے خصوصی بچوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں بریفنگ دی۔ انہوں نے نو تعمیر شدہ ووکیشنل ٹریننگ سینٹر کا دورہ کیا اور وہاں دستیاب سہولیات کا معائنہ کیا۔ اس کے علاوہ خصوصی بچوں کے لیے قائم کردہ ''ٹاکنگ ہینڈز'' کے نام سے منسوب ریستوران کا بھی دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر گجرات نے عالمی یوم تحفظِ سفید چھڑی کے موقع پر خصوصی بچوں سے ملاقات کی۔ اس موقع پر بچوں نے نعتیہ کلام اور ملی نغمے پیش کر کے شرکاء کے دل جیت لیے۔ بچوں کی شاندار پرفارمنس کو (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

جمبر میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا مسئلہ حل مرکزی پریس کلب کے وفد سے ملاقات کے بعد شہریوں کا خراج تحسین

جمبر (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ۔) جمبر میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے مسئلے کے حل کے لیے مرکزی پریس کلب جمبر کے وفد کی ایس ڈی او پھولنگر انجینئر عبدالرحمٰن صاحب سے اہم ملاقات ہوئی جس کے بعد بجلی کی غیر اعلانیہ بندش کے مسئلے کے حل پر شہریوں نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے مرکزی پریس کلب جمبر کی کاوشوں کو سراہا تفصیلات کے مطابق جمبر میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث شہریوں کو درپیش مشکلات کے حوالے سے مرکزی پریس کلب جمبر کے صدر رانا عمران صابری، چیئرمین رانا انتظار الحق معاویہ اور چیف آرگنائزر سجاد احمد چوہدری نائب صدر رانا شرافت علی نے ایس ڈی او پھولنگر انجینئر عبدالرحمٰن صاحب سے اہم ملاقات کی ملاقات میں جمبر میں بجلی کی غیر اعلانیہ بندش اور اس سے پیدا ہونے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو سروسز	1122
پولیس ایمرجنسی	15
ایمرجنسی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
ہم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130
دیہات پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری، سنٹرل سیل	99213100
پولیس شکایت	99202881
ایلیٹ پولیس شکایت سنٹر	111-000-118
سول کیس شکایت سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو ایچ ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
شمیم بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ نے اسسٹنٹ کمشنر آفس چشتیاں کا دورہ کیا اور محکمہ مال سے متعلق مختلف امور، دفتری انتظامات اور سائلین کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ نے اسسٹنٹ کمشنر آفس چشتیاں کا دورہ کیا اور محکمہ مال سے متعلق مختلف امور، دفتری انتظامات اور سائلین کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی درخواستوں، اراضی ریکارڈ، انتقالات، فرد کے اجراء، رجسٹری اور دیگر ریونیو معاملات کو مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق بروقت نمٹایا جائے۔ زیر التوا درخواستوں پر خصوصی توجہ دی جائے اور سائلین کو غیر ضروری تاخیر اور دفتری پیچیدگیوں سے بچانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ محکمہ مال کے امور میں شفافیت، میرٹ اور قانون کی پاسداری کو یقینی بنایا جائے جبکہ عوامی شکایات کے ازالے اور شہریوں کو ریونیو سے متعلق سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

چیئرمین اشتیاق احمد گوندل کی زیر صدارت بہاول پور بورڈ آف گورنرز کا 236 واں اجلاس منعقد

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور کے بورڈ آف گورنرز کا 236 واں اجلاس چیئرمین بورڈ اشتیاق احمد گوندل کی زیرِ صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں بورڈ کے انتظامی، تعلیمی اور امتحانی امور کا جائزہ لینے اور ادارے کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے غور و خوض کے بعد اہم فیصلے کئے گئے۔ اجلاس میں وائس چانسلر دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاول پور پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران، سیکرٹری بورڈ پروفیسر عدیل مالک چیمہ، ڈاکٹر توکل حسین چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) بہاول پور، شہزاد علی سینئر ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول F/95 چشتیاں، امتیاز کوثر پرنسپل گورنمنٹ گرلز ہائی سکول مدرسہ بہاول نگر، ریٹائرڈ پرنسپل محمد ارشد کے علاوہ ڈپٹی سیکرٹری ایڈمن ملک محمد اکرم، سینئر سٹینوگرافر محمد آفتاب، انچارج شعبہ فنانس محمد اسلم اور عبدالقیوم ضیاء موجود تھے۔

شہر بھر میں ایمبولینسوں کے غیر ضروری سائرن اور ایمرجنسی ہارن عوام کے لیے اذیت کا باعث بننے لگے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) شہر بھر میں ایمبولینسوں کے غیر ضروری سائرن اور ایمرجنسی ہارن عوام کے لیے اذیت کا باعث بننے لگے شہر بھر میں بعض ایمبولینسیں دن بھر بازاروں، گنجان آبادیوں اور شاہراہوں پر ایمرجنسی سائرن اور ہارن بجاتے ہوئے گشت کرتی دکھائی دیتی ہیں، جس سے شہریوں کو شدید ذہنی کوفت اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ خصوصاً مصروف بازاروں اور رہائشی علاقوں میں مسلسل سائرن کی آواز شہریوں کے لیے اذیت کا باعث بنتی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایمبولینس ایک ہنگامی طبی سہولت ہے اور اس کے سائرن کا استعمال مریض کو فوری طبی امداد پہنچانے یا کسی حقیقی ایمرجنسی کی صورت میں ہونا چاہیے۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

سرکاری دکانوں کی نیلامی شفاف، منظم اور قواعد وضوابط کے مطابق مکمل کی جائے: ڈپٹی کمشنر آصف رضا

عارفوالا (تحصیل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر آصف رضا نے کہا ہے کہ سرکاری املاک کی شفاف نیلامی، مؤثر نگرانی اور بہتر انتظام کے ذریعے قومی اثاثوں کے درست استعمال اور سرکاری آمدن میں اضافے کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ میونسپل کمیٹیوں کی حدود میں سرکاری اراضی پر قائم دکانوں کی نیلامی کا عمل میرٹ، شفافیت اور مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق مکمل کیا جائے، جبکہ نیلامی سے قبل تمام ضروری انتظامی امور بروقت نمٹائے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سرکاری دکانوں کی نیلامی کے عمل پر پیش رفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ دکانوں کی موجودہ حالت کا معائنہ کر کے ضروری تعمیر و مرمت یا توسیع سے متعلق سفارشات بورڈ آف ریونیو کی پالیسی کے مطابق مرتب کی جائیں اور نیلامی سے قبل تمام قانونی وانتظامی تقاضے پورے کیے جائیں۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ سہیل اختر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رافعہ قیوم، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

جان لیوا ٹریفک حادثہ، نوجوان طالبعلم جان بحق

عارف والہ (کرائم رپورٹر) جان لیوا ٹریفک حادثہ، نوجوان طالبعلم جان بحق، ریسکیو ذرائع، تفصیل کیمطابق، عارف والہ سے قبولہ روڈ پر جان لیوا حادثہ ہو گیا، جس میں بیٹا جاں بحق جبکہ باپ شدید زخمی ہو گیا، حادثہ ایل آر ٹی پی ہسپتال کے قریب تیز رفتار موٹر سائیکل کے پول سے ٹکرانے سے ہوا، موٹر سائیکل سوار محمد ارشد اپنے بیٹے سیکنڈ ائیر کے طالبعلم راشد علی کے ہمراہ موٹر سائیکل

ٹریفک حادثے میں 15 سالہ بچہ جاں بحق

عارف والہ (کرائم رپورٹر) ٹریفک حادثے میں 15 سالہ بچہ جاں بحق، تفصیل کے مطابق، عارف والہ سے چھیواں میل ترکھنی روڈ پر تیز رفتار موٹر سائیکل اور موٹر رکشے کے درمیان تصادم ہو گیا، حادثے میں دو افراد شدید زخمی ہو گئے، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

موٹر سائیکل کے سامنے اچانک جانور آنے سے ٹکرانے کے نتیجے میں میاں بیوی زخمی

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) ننکانہ صاحب شاہکوٹ روڈ پر موٹر سائیکل کے سامنے اچانک جانور آنے سے ٹکرانے کے نتیجے میں میاں بیوی زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق شاہکوٹ کا 40 سالہ شاہد اپنی اہلیہ راشدہ بی بی کے ہمراہ موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ بھولا چک کے قریب سامنے سے آنے والے جانور سے ٹکرا کر دونوں سڑک (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

محلہ اسلام پورہ میں مبینہ طور پر زہریلی چیز کھانے سے خاتون جاں بحق

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) تھانہ ماکلھا نوالہ کے علاقے محلہ اسلام پورہ میں مبینہ طور پر زہریلی چیز کھانے سے خاتون جاں بحق ہو گئی۔ تفصیلات کے مطابق نواحی قصبہ موڑ کھنڈا کے محلہ اسلام پورہ کے رہائشی رستم علی کی بیٹی عتیقہ نے مبینہ طور پر زہریلی چیز کھا لی، جس کے باعث اس کی حالت غیر ہو گئی۔ اسے علاج کے لیے ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں وہ دم توڑ گئی۔

ملک دائم کو بے چک والے رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ملک دائم کو بے چک والے رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے اُن کی دعوت ولیمہ میں پنجاب ٹیچرز یونین کے ضلعی جنرل سیکرٹری سید دستار علی نقوی نے اپنے استاد محترم لیاقت علی چیمہ ریٹائرڈ ٹیچر گورنمنٹ ہائی سکول کانپور کے ہمراہ شرکت کی دعوت ولیمہ میں ڈاکٹر سمیعی، پنجاب ٹیچرز یونین کے سینئر تحصیل نائب صدر محمد الیاس، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

قومی امن کمیشن برائے بین المذاہب ہم آہنگی کا اہم اجلاس، چوہدری قیصر محمود مہر جنرل سیکرٹری سٹی گوجرانوالہ منتخب

قومی امن کمیشن برائے بین المذاہب ہم آہنگی کا اہم اجلاس، چوہدری قیصر محمود مہر جنرل سیکرٹری سٹی گوجرانوالہ منتخب

علی پور چٹھہ (تحصیل نیوز) قومی امن کمیشن برائے بین المذاہب ہم آہنگی کا اہم اجلاس، چوہدری قیصر محمود مہر جنرل سیکرٹری سٹی گوجرانوالہ منتخب ہو گئے قومی امن کمیشن برائے بین المذاہب ہم آہنگی، گورنمنٹ آف پاکستان، سٹی گوجرانوالہ کا ایک اہم اجلاس صدر سٹی گوجرانوالہ مصطفیٰ کمال اعوان کی سربراہی میں منعقد ہوا، جس میں نظیمی امور، باہمی مشاورت اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے حوالے سے اہم امور زیرِ غور آئے۔ اجلاس کے دوران باہمی اتفاقِ رائے سے چوہدری قیصر محمود مہر کو قومی امن کمیشن برائے بین المذاہب ہم آہنگی، گورنمنٹ آف پاکستان، سٹی گوجرانوالہ کا جنرل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

غربت صرف مالی مسئلہ نہیں بلکہ یہ انسانی وقار، تعلیم اور صحت کے مواقع کی کمی کا باعث بھی بنتی ہے، حکیم مقبول احمد چوہدری

پاکپتن (نامہ نگار) معروف طبیب مطب المسعود بہرام پور پاکپتن کے چیف ایگزیکٹو معروف سیاسی سماجی شخصیت حکیم مقبول احمد چوہدری نے کہا ہے کہ غربت صرف مالی مسئلہ نہیں بلکہ یہ انسانی وقار، تعلیم اور صحت کے مواقع کی کمی کا باعث بھی بنتی ہے اس کا خاتمہ صرف حکومتی اقدامات سے ممکن نہیں بلکہ معاشرتی سطح پر ہر فرد کا کردار بھی ضروری ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے غربت کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر ایک خصوصی پیغام جاری کیا انہوں نے کہا کہ تعلیمی ادارے غربت کے خلاف جدوجہد میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، مخیر حضرات اپنے علاقے میں بڑی کاروباری مرکزی قائم کر کے روزگار کے مواقع فراہم کر سکتے ہیں، جو بالآخر معاشی ترقی اور غربت کے خاتمے کا سبب بنتے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہمیں عملی زندگی میں بھی مساوات اور ہمدردی کو فروغ دینا ہوگا تاکہ ہر شخص کو عزت اور ترقی کے یکساں مواقع مل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

مقامی ثقافت کے تحفظ اور علاقائی روایات کو اجاگر کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ جھنگ کے زیر اہتمام پہلی جھنگ ڈیزرٹ ریلی 2026 اور تین روزہ ثقافتی فیسٹیول کا انعقاد کیا جا رہا ہے

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق صوبے میں سیاحت کے فروغ، مقامی ثقافت کے تحفظ اور علاقائی روایات کو اجاگر کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ جھنگ کے زیر اہتمام پہلی جھنگ ڈیزرٹ ریلی 2026 اور تین روزہ ثقافتی فیسٹیول کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر جھنگ بابر صاحب دین نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ یہ تین روزہ ایونٹ 16، 17 اور 18 اکتوبر کو تحصیل اٹھارہ ہزاری کے تھل ڈیزرٹ، رحمت آباد میں منعقد ہوگا۔ ریلی میں 90 کلومیٹر طویل ٹریک پر جیپ ریس کا انعقاد ہوگا جس میں خواتین جیپ ڈرائیورز سمیت ملک بھر سے تقریباً 100 بہترین ڈرائیورز اور رائیڈرز شرکت کریں گے۔ پریس کانفرنس میں سابق ممبر صوبائی اسمبلی فیصل حیات جبوآنہ، مکرم وحید شیخ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر بابر صاحب دین نے کہا کہ جھنگ ڈیزرٹ ریلی کے انعقاد کا بنیادی مقصد ضلع جھنگ کی منفرد شناخت، صحرائی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

تھانہ سٹی اے ڈویژن چشتیاں کی حدود میں دو ماہ قبل ہونے والی چوری کی واردات میں مبینہ طور پر ریکوری نہ ہونے پر شہری محمد عمر سراپا احتجاج

چشتیاں (تحصیل رپورٹر) تھانہ سٹی اے ڈویژن چشتیاں کی حدود میں دو ماہ قبل ہونے والی چوری کی واردات میں مبینہ طور پر ریکوری نہ ہونے پر شہری محمد عمر سراپا احتجاج چشتیاں کے رہائشی متاثرہ شہری نے تھانہ سٹی اے ڈویژن پولیس کارکردگی پر سوالات اٹھاتے ہوئے اعلیٰ حکام سے انصاف کی اپیل کر دی۔ شہری محمد عمر کے مطابق نامعلوم ملزمان اس کے گھر سے تین قیمتی موبائل فون اور 30 ہزار روپے نقدی چوری کر کے لے گئے تھے۔ اس کا دعویٰ ہے کہ پولیس نے واردات میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر لیا، تاہم چوری شدہ سامان اور رقم تاحال برآمد نہیں ہو سکے۔ محمد عمر نے میڈیا کو بتایا کہ اے ایس آئی شہباز نعیم نے مبینہ طور پر اس سے 15 ہزار روپے طلب کیے، تاہم رقم نہ دینے پر اس کی ریکوری نہ ہو سکی۔ شہری کے مطابق اس نے تھانہ صدر میں منعقدہ کھلی کچہری میں درخواست پیش کی، جس پر متعلقہ حکام نے ایس ایچ او تھانہ سٹی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

شہر ڈسکہ اور نواح میں بھکاریوں کی بھرمار، شہری پریشان، گلی محلوں میں لاؤڈ سپیکر لگا کر بھیک مانگنا معمول بن گیا

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) شہر ڈسکہ اور نواح میں بھکاریوں کی بھرمار، شہری پریشان، گلی محلوں میں لاؤڈ سپیکر لگا کر بھیک مانگنا معمول بن گیا، کارروائی کا مطالبہ۔ ڈسکہ شہر اور گرد و نواح میں پیشہ ور بھکاریوں کی بھرمار نے شہریوں کو پریشان کر دیا، گلی محلوں میں لاؤڈ سپیکر لگا کر بھیک مانگنے کا سلسلہ معمول بن گیا جبکہ شاہراہوں، چوکوں اور اہم مقامات پر مصنوعی طور پر اپاہج اور معذور بننے والے افراد کی بڑی تعداد نے ڈیرے جما رکھے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مختلف گروہ منظم انداز میں بھیک مانگنے کا کاروبار کر رہے ہیں جس کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے بعض مقامات پر ٹریفک سگنلز اور چوکوں میں بھکاری گاڑیوں کے شیشے بجا کر شہریوں سے رقم طلب کرتے ہیں جبکہ گلی محلوں میں لاؤڈ سپیکر کے ذریعے بھیک مانگنے سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

نوشہرہ ورکاں میں پاکستان زندہ آباد موٹر سائیکل ریلی کنڈر گارٹن سکول سسٹم نوشہرہ ورکاں کی جانب سے پاکستان زندہ آباد موٹر سائیکل ریلی کا انعقاد کیا گیا

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے نوشہرہ ورکاں میں پاکستان زندہ آباد موٹر سائیکل ریلی کنڈر گارٹن سکول سسٹم نوشہرہ ورکاں کی جانب سے پاکستان زندہ آباد موٹر سائیکل ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی کی قیادت ڈائریکٹر کنڈر گارٹن سکول اور اساتذہ کرام نے کی، جس میں طلباء کی بڑی تعداد، معزز شخصیات اور صحافی برادری نے شرکت کی۔ بچوں نے ہاتھوں میں قومی پرچم اور پاکستان زندہ آباد کے پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے اور پاک فوج زندہ آباد کے فلک شگاف نعرے لگائے۔ ریلی احمد کیمپس سے شروع ہو کر ماڈل بازار، تھانہ چوک، ہبر روڈ، صدیق ٹھیکیدار روڈ سے ہوتی ہوئی واپس احمد کیمپس میں اختتام پذیر ہوئی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر کنڈر گارٹن سکول سرمیاں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہمارا پیارا وطن ہے، اس کی حفاظت ہم سب کا فرض ہے، بچوں میں حب الوطنی کا جذبہ پیدا کرنا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

بہاول پور بورڈ میں انٹر ڈسٹرکٹ ہائی سکولز سپورٹس کمیٹی کا اجلاس، مختلف کھیلوں کے انعقاد کی تاریخوں کا شیڈول کے لیے تعلیمی اداروں کے پرنسپلز کی شرکت

بہاول پور (بیورو رپورٹ) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور میں انٹر ڈسٹرکٹ ہائی سکولز گرلز، بوائز سپورٹس کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف تعلیمی اداروں کے پرنسپلز نے شرکت کی۔ اجلاس کی صدارت سیکرٹری بورڈ پروفیسر عدیل مالک چیمہ نے کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر سپورٹس سید جاوید اختر، سپورٹس آفیسر رانا نوید اختر کے علاوہ بورڈ آفیشل ثناء انور اور شہباز ابراہیم بھی موجود تھے۔ سابقہ کنوینئر سپورٹس کمیٹی محمد شہباز طاہر نے بھی خصوصی طور پر اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں بین الاضلاعی کھیلوں کے مقابلوں کے انعقاد اور مختلف کھیلوں کے شیڈول کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران ٹورنامنٹ میں شامل مختلف کھیلوں کے مقابلوں کے انعقاد کے لیے تاریخوں کا شیڈول جاری کیا گیا، تاکہ تمام متعلقہ تعلیمی ادارے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

حکمرانوں کی معاشی پالیسیوں، پٹرولیم لیوی اور مہنگائی کے خلاف پیپلز پارٹی آواز بلند کرتی رہے گی، رانا محمود اشرف

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) پیپلز پارٹی ڈسکہ کے رہنما رانا محمود اشرف نے کہا ہے کہ حکمرانوں کی معاشی پالیسیوں، پٹرولیم لیوی اور مہنگائی کے خلاف پیپلز پارٹی آواز بلند کرتی رہے گی شہر میں ٹریفک چالانوں اور پٹرول کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے پیدل سفر کرنے پر مجبور ہو چکے ہیں۔ حکومت نے عوام کو ریلیف دینے کے اقدامات نہ کئے تو انہیں سڑکوں پر نکلنے سے کوئی نہ روک سکے گا۔ رانا محمود اشرف نے کہا ہے کہ مہنگے بجلی کے بل اور مہنگائی کے طوفان نے عوام کو چڑچڑا اور ذہنی مریض بنا دیا ہے۔ بھاری ٹریفک چالان کی وجہ سے غریب ڈرائیور کی جانب سے خود کو گولی مارنے والا بھی مہنگائی کا ستایا ہوا تھا۔ غریبوں کی آواز کو سننا ہوگا۔ پشاور واقعہ حکومت کے لیے ایک بہت بڑا سوچنے کا مقام ہے جس پر سنجیدگی سے غور کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ الیکشن کمیشن سے دسمبر میں انتخابات کروانے کی تاریخ کا اعلان کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

جعلی چیک کے مقدمے میں مطلوب کیبیگری بی کے اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا گیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوکاڑہ: تھانہ راوی پولیس نے ایس ایچ او طاہر بشیر کی سربراہی میں مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے جعلی چیک کے مقدمے میں مطلوب کیبیگری بی کے اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا، جبکہ اغواء کے مقدمے میں مغویہ رخسانہ بی بی کو جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے بازیاب کروا لیا۔ پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کے دوران ایک ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 16 لیٹر شراب بھی برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ راوی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کیبیگری بی کے اشتہاری ملزم عمران اجمل خان کو گرفتار کیا، جو جعلی چیک کے مقدمے میں پولیس کو مطلوب تھا۔ دوسری کارروائی میں پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے اغواء کے کیس میں مغویہ رخسانہ بی بی کو بازیاب کروا لیا۔ علاوہ ازیں تھانہ راوی پولیس نے شراب فروشی میں ملوث ملزم بلال کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 16 لیٹر شراب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

بار ایسوسی ایشن ڈسکہ کے زیر اہتمام ''یوم سفید چھڑی'' کے حوالے سے کانفرنس کا انعقاد

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) بار ایسوسی ایشن ڈسکہ کے زیر اہتمام ''یوم سفید چھڑی'' کے حوالے سے کانفرنس کا انعقاد، بار ایسوسی ایشن ڈسکہ کے زیر اہتمام 15 اکتوبر عالمی یوم تحفظ سفید چھڑی کے موقع پر ایک پروقار کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس میں وکلاء کی بھاری تعداد نے شرکت کی، اس کے علاوہ شہر کی مختلف سماجی وفلاحی تنظیموں کے نمائندگان، صحافی برادری اور سول سوسائٹی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھی بھرپور شرکت کی۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین کہا کہ سفید چھڑی نابینا افراد کی آنکھوں کی حیثیت رکھتی ہے اور اس دن کو منانے کا مقصد نابینا افراد کے حقوق، ان کے مسائل کو اجاگر کرنا اور معاشرے میں ان کی اہمیت کو تسلیم کرنا ہے۔ مقررین نے مزید کہا کہ نابینا افراد ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہیں، انہیں نظر انداز کرنے کے بجائے ان کی حوصلہ افزائی اور ہر ممکن تعاون کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

سید اسد حسین بخاری کی قیادت میں صحافیوں کے مسائل احسن طریقہ سے حل ہوں گے رانا محمد شاہد اسد

ننکانہ صاحب (تحصیل بیورو چیف محمد عرفان رفیع) تفصیلات کے مطابق شاہین گروپ آف جرنلسٹ ننکانہ کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری رانا محمد شاہد اسد نے ممبران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مجھے ڈپٹی جنرل سیکرٹری منتخب جو کیا ہے اس پر میں سید اسد حسین بخاری، صدر اور ان کی تمام ٹیم کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے مجھے عزت بخشی ان کی توقعات پر پورا اترتے ہوئے اپنے فرائض منصبی پوری تندہی کیساتھ سرانجام دینے کی بھرپور کوشش کرونگا۔ سید اسد حسین بخاری کو دوبارہ صدر منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16)

مانگا منڈی پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چور گینگ کے 2 ملزمان گرفتار

مانگا منڈی (میاں ذیشان حیدر) ایس ایچ او تھانہ مانگا منڈی اسرار اقبال کی سربراہی میں ایس آئی شعیب نے پولیس ٹیم کے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری میں ملوث دو رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا پولیس ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے دو چوری شدہ موٹر سائیکلیں، ہزاروں روپے نقدی، ناجائز اسلحہ اور گولیاں برآمد ہوئی ہیں پولیس کے مطابق ملزمان کے خلاف مق

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

بہاولنگر کے تعلیمی اداروں میں کرپشن کے خلاف شعور کی جنگ شروع

تعلیمی اداروں میں انسدادِ بدعنوانی کی مہم کا آغاز، نوجوان نسل کو کرپشن کے خلاف تیار کرنے کے لیے سالانہ آگاہی مقابلہ جات 2026ء کا شیڈول جاری کر دیا گیا

بہاولنگر (عبدالوحید سے) تعلیمی اداروں میں انسدادِ بدعنوانی کی مہم کا آغاز، نوجوان نسل کو کرپشن کے خلاف تیار کرنے کے لیے سالانہ آگاہی مقابلہ جات 2026ء کا شیڈول جاری کر دیا گیا۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس بہاولنگر نے بدعنوانی کے خلاف شعور بیدار کرنے کے لیے عملی اقدامات شروع کر دیے، پہلے مرحلے میں گورنمنٹ گریجویٹ ہائی اسکول بہاولنگر میں خصوصی تقریب منعقد ہوئی، جہاں طلبہ و طالبات کو ایمانداری، شفافیت اور قومی ذمہ داریوں کا احساس دلایا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ ایجوکیشن (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

اوکاڑہ میں ستھرا پنجاب ٹیمیں متحرک، صفائی کے ساتھ بارشی پانی کی نکاسی کا آپریشن جاری

اوکاڑہ میں ستھرا پنجاب ٹیمیں متحرک، صفائی کے ساتھ بارشی پانی کی نکاسی کا آپریشن جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت اوکاڑہ میں صفائی ستھرائی اور بارشی پانی کی نکاسی کے لیے خصوصی اقدامات جاری ہیں ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک اور میونسپل ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی کی ہدایات پر ستھرا پنجاب ٹیمیں فیلڈ میں سرگرم عمل ہیں اور شہری و نشیبی علاقوں سے بارشی پانی کی نکاسی سمیت صفائی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

تھانہ پھلورہ کی حدود گاؤں ورسالکے میں نماز کیلئے مسجد جانے والے 85 سالہ بزرگ کو نامعلوم ملزم نے قتل کر دیا

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) تھانہ پھلورہ کی حدود گاؤں ورسالکے میں نماز کیلئے مسجد جانے والے 85 سالہ بزرگ کو نامعلوم ملزم نے قتل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق 85 سالہ نذر حسین ولد عنایت اللہ الصبح نماز فجر کی ادائیگی کے لیے مسجد گیا تھا۔ نامعلوم ملزم نے آہنی راڈ سے منہ پر وار کر کے قتل کر دیا اور موقع سے فرار ہو گیا۔ اطلاع ملتے ہی SHO تھانہ پھلورہ اعتزاز بشیر نے اپنی ٹیم کے ہمراہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

اوکارہ: مختلف کارروائیوں میں پکڑے گئے ملزمان

روز بروز بڑھتی ہوئی مہنگائی نے غریب سفید پوش طبقہ سے دو وقت کا کھانا بھی چھین لیا، حماد ممتاز اعوان

کمیر شریف (ندیم سرور سے) تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز سینئر صحافی سیاسی و سماجی شخصیت ملک حماد ممتاز اعوان نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی نے غریب سفید طبقہ کے لیے دو وقت کے کھانے کا حصول بھی مشکل بنا دیا ہے غریب دیہاڑی دار مزدور طبقے کیساتھ ساتھ اب سفید پوش مڈل کلاس طبقہ بھی بری طرح مہنگائی کی چکی میں پس رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صاف شفاف الیکشن اب وقت کی اہم ضرورت اور جمہوریت کا حسن ہیں کیونکہ جب موجودہ حکومت عوام کو ریلیف ہی نہیں دے پا رہی آئے روز پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں اور بجلی کے زائد بلوں نے متوسط طبقے کے لیے جینا محال بنا دیا ہے خاص طور پر کسان طبقہ بری طرح متاثر ہو رہا ہے جس سے بڑے پیمانے پر کاروبار بھی متاثر ہو رہے ہیں کیونکہ کسان ملکی معیشت میں ریڑھ کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

ڈائریکٹر بریڈ امپروومنٹ لائیوسٹاک ڈیپارٹمنٹ پنجاب لاہور کا اچانک ڈسکہ کا دورہ

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈائریکٹر بریڈ امپروومنٹ لائیوسٹاک ڈیپارٹمنٹ پنجاب لاہور کا اچانک ڈسکہ کا دورہ، ڈائریکٹر بریڈ امپروومنٹ لاہور ڈاکٹر سہیل منظور اور ڈائریکٹر لائیو سٹاک گوجرانوالہ ڈویژن گوجرانوالہ ڈاکٹر محمد انیس نے گذشتہ روز ضلع سیالکوٹ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے سول ویٹرنری ہسپتال تحصیل ڈسکہ سمیت سول ویٹرنری ہسپتال تحصیل سمبڑیال، سول ویٹرنری ہسپتال سیالکوٹ کا بھی اچانک دورہ کیا۔ دورہ کے دوران افسران بالا نے ویٹرنری ہسپتال میں صفائی ستھرائی کے معاملات، ویکسین کی کولڈ چین مینٹیننس، میڈیسن ریکارڈ، ٹیلٹوک (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے سنٹر آف ایکسی لینس دانش سکول فار بوائز میں منعقدہ سائنس اینڈ آرٹ نمائش کا دورہ کیا

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے سنٹر آف ایکسی لینس دانش سکول فار بوائز میں منعقدہ سائنس اینڈ آرٹ نمائش کا دورہ کیا اور طلباء کی جانب سے تیار کردہ مختلف سائنسی منصوبوں، تخلیقی ماڈلز اور فن پاروں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن سعید اصغر، پرنسپل شہباز حسن اور چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز یونیورسٹی آف سیالکوٹ فیصل منظور بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے نمائش میں طلباء کی جانب سے پیش کئے گئے سائنسی و تخلیقی منصوبوں میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور مختلف پراجیکٹس کے بارے میں طلباء سے سوالات کئے۔ طلباء نے اپنے تیار کردہ منصوبوں کے اغراض و مقاصد، طریقہ کار اور عملی افادیت کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے طلباء کی محنت، تخلیقی صلاحیتوں اور اپنے خیالات کو عملی شکل دینے کی کوششوں کو سراہا۔ ڈپٹی کمشنر نے سکول کی کیمسٹری، فزکس اور بیالوجی لیبارٹریز کا بھی دورہ کیا، جہاں انہوں نے تدریسی و سائنسی سہولیات کا جائزہ لیا۔ بعد ازاں انہوں نے آرٹ گیلری کا معائنہ کیا اور طلباء کی جانب سے تیار کردہ فن پاروں اور دیگر تخلیقی نمونوں میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے کہا کہ تعلیم کا مقصد صرف نصابی معلومات حاصل کرنا نہیں بلکہ علم کو عملی زندگی میں استعمال کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

چار مسلح ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر دوکاندار سے 6 لاکھ روپے نقدی اور دیگر قیمتی سامان لوٹ لیا

رینالہ خورد (عمر ذوالفقار کرائم رپورٹر) چار مسلح ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر دوکاندار سے 6 لاکھ روپے نقدی اور دیگر قیمتی سامان لوٹ لیا واردات رینالہ بائی پاس پر ایک کمرشل سنٹر میں ہوئی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی تفصیلات کے مطابق ایک کار میں سوار چار مسلح افراد تھانہ سٹی رینالہ خورد کی حدود رینالہ بائی پاس پر واقع لائبہ کمرشل سنٹر میں ایک دوکان میں داخل ہو گیے اور گن پوائنٹ پر دوکان سے چھ لاکھ روپے نقدی اور دیگر سامان لوٹ لیا واردات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

وزیراعلیٰ پنجاب کی آمد ساہیوال انتظامیہ کے لیے کڑا امتحان دورے کی خبر سنتے ہی ہائی وے میونسپل کارپوریشن ضلع کونسل اور بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ متحرک

ساہیوال (خصوصی رپورٹ منیر ساجد ارائیں سے) وزیراعلیٰ پنجاب کی متوقع آمد نے ساہیوال کی انتظامیہ کو متحرک کر دیا جس کے بعد ہائی وے میونسپل کارپوریشن ضلع کونسل اور بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کی مشینری حرکت میں آ گئی مختلف مقامات پر صفائی ستھرائی اور ترقیاتی کاموں کی تکمیل کے لیے ہنگامی اقدامات شروع کر دیے گئے جبکہ شہریوں کے مطابق مہینوں سے تاخیر کا شکار بعض کام بھی تیزی سے مکمل کیے جانے لگے ہیں شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ وزیراعلیٰ کے دورے کی اطلاع ملتے ہی انتظامی سرگرمیوں میں غیر معمولی تیزی اس امر کی نشاندہی کرتی ہے کہ اگر متعلقہ محکمے معمول کے دنوں میں بھی اسی جذبے ذمہ داری اور رفتار سے کام کریں تو شہر کے بیشتر مسائل بروقت حل ہو سکتے ہیں شہریوں نے عارضی صفائی ستھرائی اور نمائشی اقدامات پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ترقیاتی کاموں کو صرف اعلیٰ حکام کے دوروں تک محدود رکھنے کے بجائے مستقل بنیادوں پر جاری رکھا جائے شہریوں کے مطابق ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر، ناقص تعمیراتی معیار اور صفائی ستھرائی کے مسائل کے باعث شہر کے متعدد علاقے طویل عرصے سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

سیالکوٹ ڈی پی او دوست محمد کی زیر صدارت ویڈیو لنک اجلاس

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) تمام ایس ڈی پی او ایس ایچ اوز اور برانچ انچارجز کی اجلاس میں شرکت زیر تفتیش مقدمات کی تفتیش بروقت اور میرٹ پر مکمل کرنے کے احکامات نامکمل چالانوں کی تکمیل اور مفرور و اشتہاری ملزمان کی گرفتاری کی ہدایت مغویان کی بحفاظت بازیابی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں ڈی پی او کی کرائم ہاٹ سپاٹس پر مؤثر گشت اور پولیس کی موجودگی یقینی بنانے کی ہدایت منشیات فروشی اور جوئے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی ہدایت پر مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کارروائیاں جاری، دو مجرمان اشتہاری گرفتار

گجرات (سید طارق حسین + زیڈ اے بھٹی) ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی ہدایت پر مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کارروائیاں جاری، تھانہ ککرالی اور تھانہ بی ڈویژن پولیس نے دو مجرمان اشتہاری گرفتار کر لیے۔ گجرات: ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی ہدایت پر گجرات پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر اور مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ تھانہ ککرالی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ قتل میں مطلوب مجرم اشتہاری ملکو ولد نوشہ، سکنہ ملتان کو گرفتار کر لیا۔ دوسری کارروائی میں تھانہ بی ڈویژن پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے کیمبرج اے کے مجرم اشتہاری زین علی ولد ظفر اقبال، سکنہ محلہ کالو پورہ، گجرات کو گرفتار کر لیا۔ ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر اور مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ عوام کے جان و مال کے تحفظ اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنانے کے لیے گجرات پولیس تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی ہدایت پر مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کارروائیاں جاری، دو مجرمان اشتہاری گرفتار

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے ٹیلی فونک رابطہ کیا

(جہانگیر خان مست خیل پشاور بیورو) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور پشاور میں سکول کی چھت گرنے کے واقعے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے جاں بحق افراد کے لواحقین کے لئے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے واقعے میں زخمی ہونے والوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے اور متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن مدد و معاونت فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے واقعے کی مکمل رپورٹ طلب کر لی۔ گورنر خیبر پختونخوا نے وزیراعظم کو واقعے کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ اسکول کے مالک کو گرفتار کر لیا گیا ہے اور تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔ گورنر نے بتایا کہ سکول حادثے کی تحقیقات کے لیے فیکٹ فائنڈنگ انکوائری کمیٹی قائم کر دی گئی ہے۔ وزیراعظم نے واقعے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

نجی سکول میں خاکروب کی کمسن طالبعلم سے بدفعلی کی کوشش

کامونکے (تحصیل رپورٹر) نجی سکول میں خاکروب کی کمسن طالبعلم سے بدفعلی کی کوشش۔ بتایا گیا ہے کہ گذشتہ روز آمنہ پارک کا آٹھ سالہ (ا) سکول گیا جہاں خاکروب زین العابدین نے اُسے زبردستی جنسی ہوس کا نشانہ بنانے کی کوشش کی۔ ایمن آباد پولیس نے متاثرہ بچے کی والدہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا ہے۔

اینٹی کرپشن سیالکوٹ ٹریپ ریڈ چھاپہ سیکرٹری یونین کونسل 15 ہزار روپے رشوت طلب کرتے ہوئے گرفتار

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں ٹکا سے) اینٹی کرپشن سیالکوٹ ٹریپ ریڈ چھاپہ سیکرٹری یونین کونسل 15 ہزار روپے رشوت طلب کرتے ہوئے گرفتار تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن حکام، پنجاب لاہور سہیل ظفر چٹھہ اور ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن حکام، گوجرانوالہ امجد شہزاد کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے جوڈیشل مجسٹریٹ کی زیر نگرانی رانا مبشر علی، سی او اینٹی کرپشن حکام، سیالکوٹ کی طرف سے ایک ٹریپ چھاپہ مارا گیا جس کے ذریعے ملزم شخص محمد تنویر، سیکرٹری یونین کونسل BS-14 کو گرفتار کر کے اس کے پاس سے 15 ہزار روپے کے داغدار نوٹ برآمد کیے گئے ہیں۔ اس کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

اینٹی کرپشن سیالکوٹ ٹریپ ریڈ چھاپہ سیکرٹری یونین کونسل 15 ہزار روپے رشوت طلب کرتے ہوئے گرفتار

خصوصی افراد کو بااختیار بنانے کیلئے عملی اقدامات، عوامی آگاہی اور سرکاری اداروں وفلاحی تنظیموں کے مابین مؤثر تعاون ناگزیر ہے، منشاء بکیانہ

پاکپتن (نامہ نگار) معروف سیاسی سماجی رہنما امیدوار برائے کونسلر یونین کونسل نمبر 11 پاکپتن میں منشاء بکیانہ نے کہا ہے کہ خصوصی افراد کو بااختیار بنانے کیلئے عملی اقدامات، عوامی آگاہی اور سرکاری اداروں و فلاحی تنظیموں کے مابین مؤثر تعاون ناگزیر ہے تاکہ انہیں معاشرے کا فعال اور باوقار حصہ بنایا جا سکے، عالمی یومِ سفید چھڑی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ بصارت سے محروم افراد کے بنیادی حقوق کا تحفظ، تعلیم و روزگار میں مساوی مواقع کی فراہمی اور معاشرے کے تمام شعبوں میں انکی مؤثر شرکت یقینی بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، انہوں نے کہا کہ معذوری کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ ان کی صلاحیتوں کو نظر انداز کیا جائے، اگر بصارت سے محروم افراد کو یہاں مواقع دیئے جائیں تو یہ بھی مفید شہری بن سکتے ہیں، معروف سیاسی سماجی رہنما امیدوار برائے کونسلر یونین کونسل نمبر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

نابینا افراد کی دینی و تعلیمی خدمت دعوتِ اسلامی کا اہم مشن ہے، حاجی منصور رضا عطاری

رینالہ خورد (نامہ نگار) دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن حاجی منصور رضا عطاری نے کہا ہے کہ نابینا افراد کو معاشرے کا باعزت حصہ سمجھتے ہوئے ان کی دینی و تعلیمی ضروریات پوری کرنے اور خود اعتمادی کے ساتھ زندگی گزارنے کے قابل بنانے کے لیے عملی اقدامات کرنا ضروری ہیں۔ 15 اکتوبر عالمی یومِ سفید چھڑی کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ سفید چھڑی نابینا افراد کے لیے راستے کی پہچان اور منزل تک پہنچنے کا ذریعہ ہے، ہمیں بھی ان کے ساتھ محبت، ہمدردی اور تعاون کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دعوتِ اسلامی کا شعبہ اسپیشل پرسنز نابینا افراد کو دینی تعلیم فراہم کرنے کے لیے پاکستان کے سات مقامات پر مدرس؟ المدینہ برائے نابینا افراد چلا رہا ہے، جبکہ حیدرآباد میں جامع؟ المدینہ برائے نابینا افراد کے ذریعے درسِ نظامی کی تعلیم بھی دی جا رہی ہے۔ اس کے علاوہ 500 سے زائد آڈیو کتب، 13 بریل کتب اور قرآنِ کریم کے 20 پارے بریل رسم الخط میں شائع کیے جا چکے ہیں، جبکہ فیضان آن لائن اکیڈمی کے ذریعے آن لائن دینی تعلیم بھی فراہم کی جا رہی ہے۔ حاجی منصور رضا عطاری نے مزید کہا کہ دینی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

کروڑوں روپے کی لاگت سے ہونیوالے بیوٹیفکشن کے تعمیراتی کام میں مبینہ ناقص میٹریل کے استعمال کا انکشاف، انکوائری شروع

رینالہ خورد (عمر ذوالفقار کرائم رپورٹر) کروڑوں روپے کی لاگت سے ہونیوالے بیوٹیفکشن کے تعمیراتی کام میں مبینہ ناقص میٹریل کے استعمال کا انکشاف انکوائری شروع ہو گئی ٹف ٹائل کی بیس کو کمپیکٹ کیا گیا اور نہ بنیادی تعمیراتی میٹریل باریک بجری اور خاکہ وغیرہ ڈالا گیا انکوائری ٹیم کا بیان تفصیلات کے مطابق پل نہر لوئر باری دوآب سے لیکر اقبال بازار صدر بازار پھاٹک بازار اور شیر گڑھ روڈ پر نہر ٹوایل تک کروڑوں روپے کی لاگت سے بیوٹیفکشن کا تعمیراتی کام شروع ہوا تو مبینہ طور پر ٹھیکدار نے متعلقہ سب انجینئر اور دیگر ذمہ داروں کی ملی بھگت سے ناقص میٹریل کا استعمال شروع کر دیا ناقص میٹریل کے استعمال پر جنرل سیکرٹری رینالہ پریس کونسل رجسٹرڈ عمر ذوالفقار چودھری اور صحافی شہباز جاوید نے ناقص میٹریل کے استعمال پر سوشل میڈیا پر آواز اٹھائی جبکہ عمر ذوالفقار چودھری نے رینالہ خورد میں کمشنر ساہیوال کی منعقدہ کھلی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

یومِ سفید چھڑی کے موقع پر بصارت سے محروم افراد کے حقوق، خودمختاری اور سماجی شمولیت کے حوالے سے محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پاکپتن اور روشنی ویلفیئر سوسائٹی پاکپتن کے زیر اہتمام سیمینار کا انعقاد

پاکپتن (نامہ نگار) عالمی یوم سفید چھڑی کے موقع پر بصارت سے محروم افراد کے حقوق، خودمختاری اور سماجی شمولیت کے حوالے سے محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پاکپتن اور روشنی ویلفیئر سوسائٹی پاکپتن کے زیر اہتمام سیمینار کا انعقاد کیا گیا، سیمینار میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سہیل اختر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر رائے انصر، سابق صدر پریس کلب پاکپتن انسانی حقوق کے معروف رہنما وقار فرید جگنو، ٹیلنٹ آف پنجاب کے سی ای او میاں جہانگیر احمد وٹو، طور کنکریٹ اور طور بزنس کے چیف ایگزیکٹو شاہد طور نے بطور مہمانانِ اعزاز شرکت کی، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر مدیحہ گیلانی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر شاہد سکھیرا، صدر روشنی ویلفیئر سوسائٹی عامر لطیف پروگرام آرگنائزر تھے، تقریب میں طارق حسین بھٹی بول نیوز، حیدر علی شہزاد سیکرٹری انفارمیشن، رانا کاشف شہزاد نائب صدر پریس کلب، وسیم اسلم چوہدری ٹی وی ٹوڈے، سیاسی سماجی مذہبی شخصیات اور بصارت سے محروم افراد کی بڑی تعداد موجود تھی، مقررین نے خطاب کرتے کہا کہ بصارت سے محروم افراد کے بنیادی حقوق کا تحفظ، تعلیم و روزگار میں مساوی مواقع کی فراہمی اور معاشرے کے تمام (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

پاکستان مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ ملکی ترقی، عوامی خوشحالی اور تعمیر و ترقی کو اپنی سیاست کا بنیادی مقصد بنایا ہے، میاں فرمان الٰہی

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ (ن) کے رہنما میاں فرمان الٰہی نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ ملکی ترقی، عوامی خوشحالی اور تعمیر و ترقی کو اپنی سیاست کا بنیادی مقصد بنایا ہے۔ میاں محمد نواز شریف کی قیادت میں موٹروے، جدید شاہراہوں، توانائی کے منصوبوں، صحت اور تعلیم کے شعبوں میں نمایاں اقدامات کیے گئے، جبکہ موجودہ دور میں بھی عوام کو ریلیف فراہم کرنے، نوجوانوں کے لیے مواقع پیدا کرنے اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میاں محمد منیر ایم پی اے کی قیادت میں اوکاڑہ شہر کے عوام کی خدمت کے لیے ہمہ وقت متحرک رہنا ہمارا عزم ہے۔ عوامی مسائل کی نشاندہی، ان کے حل کے لیے متعلقہ اداروں سے رابطہ اور شہر کی تعمیر و ترقی کے لیے مؤثر کردار ادا کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ میاں فرمان الٰہی نے کہا کہ اوکاڑہ کے شہریوں کو بہتر سڑکوں، صاف پانی، نکاسی؟ آب، صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ عوام کے اعتماد کو اپنی سب سے بڑی طاقت سمجھتے ہیں اور ان کے مسائل کو اپنا مسئلہ تصور کرتے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایت پر واسا اوکاڑہ کی ٹیمیں بارشی پانی کے فوری انخلاء کے لیے شہر بھر میں متحرک

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر + شکیل احمد آصم) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایت پر واسا اوکاڑہ کی ٹیمیں بارشی پانی کے فوری انخلاء کے لیے شہر بھر میں متحرک، اس سلسلہ میں شہر کے مرکزی شاہراہوں اور تجارتی مراکز سے بارشی پانی واٹر اسٹوریج ٹینک منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ دیگر نشیبی علاقوں سے پانی کی نکاسی کے لیے عملہ و مشینری مسلسل مصروفِ عمل ہے۔ اس دوران ضلعی کے انتظامیہ کے افسران نے اہم روڈز سمیت مختلف مقامات پر پانی نکاسی آب کے عمل کی مانیٹرنگ بھی جاری ہے۔ ایم ڈی واسا فاروق نجیب نے کہا ہے کہ واسا کا تمام فیلڈ اسٹاف اور جدید مشینری فیلڈ میں مکمل طور پر متحرک ہے۔ شہر کی مرکزی شاہراہوں اور تجارتی حصوں سے جمع شدہ بارشی پانی کو ہنگامی بنیادوں پر واٹر اسٹوریج ٹینکوں میں منتقل کر کے مرکزی راستے مکمل طور پر کلیئر ہیں جبکہ کچھ نشیبی علاقوں سے بارشی پانی نکالا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ بارش کے پیش نظر شہر میں قائم ڈسپوزل اسٹیشنز اور مین ہولز پر بجلی کی مسلسل فراہمی اور جنریٹرز کی موجودگی کو یقینی بنایا گیا ہے۔ ایمرجنسی کنٹرول روم 24 گھنٹے فعال ہے، اور ہم شہری شکایات کے فوری ازالے کے لیے ہر وقت الرٹ ہیں۔

خواجہ عبدالصمد رحمتہ اللہ علیہ کا تین روزہ عرس مبارک اختتام پذیر

رینالہ خورد (نامہ نگار + سرفراز انجم سے) پیر خواجہ عبدالصمد رحمتہ اللہ علیہ کا تین روزہ عرس مبارک بخیر و خوبی اختتام پذیر سجادہ نشین صاحبزادہ پیر محمد منہاج الاسلام نے اختتامی تقریب میں دعا کروائی ہزاروں کی تعداد میں زائرین کی شرکت تفصیلات کے مطابق پیر خواجہ عبدالصمد رحمتہ اللہ علیہ المعروف حضور صاحب کا تین روزہ سالانہ عرس مبارک عقیدت و احترام اور روحانی جوش و جذبے کے ساتھ بخیر و خوبی اختتام پذیر ہو گیا عرس مبارک کی تقریبات میں بڑی تعداد میں عقیدت مندوں اور زائرین نے شرکت کی تین روز تک محفلِ نعت، ذکر و اذکار اور دیگر روحانی محافل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 51)

اوورسیز خاندان کے گھر چوری کی بڑی واردات ٹریس؛ دو خواتین ملزمان کراچی سے گرفتار، چار کروڑ روپے مالیت کا 65 تولے سونا مکمل برآمد

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں ٹکا سے) اوورسیز خاندان کے گھر چوری کی بڑی واردات ٹریس؛ دو خواتین ملزمان کراچی سے گرفتار، چار کروڑ روپے مالیت کا 65 تولے سونا مکمل برآمد کر لیا۔ ڈی پی او نے جدید ٹیکنالوجی، سائنسی شواہد اور مسلسل تفتیش کی مدد سے اوورسیز خاندان کے نوکس اور مسلسل فالو اپ کی بدولت تھانہ سٹی ڈسکہ پولیس کی اہم کامیابی؛ مختلف شہروں میں سراغ رسانی کے بعد ملزمان تک رسائی، پولیس ٹیم کے لیے نقد انعامات اور تعریفی اسناد کا اعلان۔ تھانہ سٹی ڈسکہ پولیس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 52)

پرانا عدالت گڑھ میں سیوریج کے ناقص نظام اور گلیوں میں گندے پانی کے جمع ہونے کے باعث اہلِ علاقہ کو شدید مشکلات کا سامنا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پرانا عدالت گڑھ میں سیوریج کے ناقص نظام اور گلیوں میں گندے پانی کے جمع ہونے کے باعث اہلِ علاقہ کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ چھوٹے بچے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 53)

عامر حسن بلوچ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ حکومتِ پنجاب کی جانب سے کریڈیٹڈ ایڈووکیٹس لیگل ایڈ ایجنسی کے لیے منتخب، صحافتی و سماجی شخصیات کی جانب سے مبارک باد

شیر گڑھ (نمائندہ سحر) معروف قانون دان عامر حسن بلوچ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کو حکومتِ پنجاب کی جانب سے کریڈیٹڈ ایڈووکیٹس لیگل ایڈ ایجنسی کے لیے منتخب کیے جانے پر عوامی، سماجی، مذہبی، وکلا اور صحافتی حلقوں کی جانب سے مبارک باد پیش کی گئی ہے۔ صدر مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیر گڑھ و ضلعی چیئرمین ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹس اوکاڑہ عمران زاہد کھوکھر، جاوید اقبال، جمیل احمد اور حاجی غلام یسین کھوکھر نے عامر حسن بلوچ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

فرینڈز الائنس کے الیکشن 2027-28 کے لیے متفقہ امیدواران کا اعلان چوہدری شہباز علی ورک ایڈووکیٹ صدر جبکہ چوہدری تنویر حنیف ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری کے امیدوار نامزد

کوٹ رادھا کشن (سہیل الطاف خاں) فرینڈز الائنس نے الیکشن 2027-28 کے لیے صدر اور جنرل سیکرٹری کے متفقہ امیدواران کا اعلان کر دیا۔ چوہدری شہباز علی ورک ایڈووکیٹ کو صدر جبکہ چوہدری تنویر حنیف ایڈووکیٹ کو جنرل سیکرٹری کے عہدے کے لیے نامزد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق فرینڈز الائنس کے تمام ممبران نے باہمی مشاورت اور اتفاقِ رائے سے امیدواروں کی نامزدگی کا فیصلہ کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیشن جج مزمل سپرا کی عدالت کے سامنے ممبران نے اپنے متفقہ امیدواروں کو مالائیں پہنا کر حمایت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 49)

کوٹ رادھا کشن 34 ویں بین الاقوامی سالانہ محفلِ حسنِ قرأت کی تیاریاں عروج پر، عالمی شہرت یافتہ قراء کی شرکت متوقع

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) کوٹ رادھا کشن 34 ویں بین الاقوامی سالانہ محفلِ حسنِ قرأت کی تیاریاں عروج پر، عالمی شہرت یافتہ قراء کی شرکت متوقع۔ تفصیلات کے مطابق کوٹ رادھا کشن 34 ویں بین الاقوامی سالانہ محفلِ حسنِ قرأت و نعت بسلسلہ عرسِ مبارک پی

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے' نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔ ..... (جامع ترمذی)

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس، کے پی میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کی تحریک کثرت رائے سے منظور

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس اسپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت شروع ہوا، چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی، حکومتی و اپوزیشن اراکین کی بڑی تعداد اجلاس میں شریک ہوئی۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج سے متعلق کاغذات مشترکہ اجلاس کے سامنے پیش کیے گئے، صدر مملکت کی جانب سے ایمرجنسی کے نفاذ سے متعلق کاغذات آرٹیکل 232 کی شق 7 کے تحت مشترکہ اجلاس کے سامنے رکھے گئے۔ خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کے کاغذات آرٹیکل 234 کی شق 3 کے تحت مشترکہ اجلاس میں پیش کیے گئے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ سے متعلق صدارتی اعلان مشترکہ اجلاس میں پیش کیے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کا دلخراش واقعہ آیا، چھت گرنے سے بچے اور اساتذہ شہید ہوئے، پشاور اسکول واقعے میں شہید ہونے والے بچوں کیلئے دعاء مغفرت کی گئی، بچوں کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کے لیے فوائد معطل کرنے کی تحریک مشترکہ اجلاس میں پیش کی گئی، تحریک وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے پیش کی۔ صدر مملکت کی جانب سے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کی قرارداد مشترکہ اجلاس میں پیش کی گئی، اپوزیشن اراکین نے پارلیمنٹ کے سیشن میں احتجاج شروع کر دیا۔ اپوزیشن اراکین بازوؤں پر کالی پٹیاں باندھ کر اجلاس میں شریک ہوئے، اپوزیشن نے گنتی چیلنج کر دی۔ اسپیکر نے قرارداد کے حق اور مخالفت میں اراکین کو گننے کی ہدایت کی، خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی قرارداد کے حق میں 214 اراکین نے حمایت کی، 56 اراکین نے قرارداد کی مخالفت کی۔ صدر مملکت کی جانب سے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کی قرارداد مشترکہ اجلاس میں پیش کی گئی، اپوزیشن اراکین نے ایوان میں نعرے بازی جاری رکھی۔ مشترکہ اجلاس میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ سے متعلق قرارداد پر بحث شروع ہوئی، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ آئینی تقاضا پورا کرنے کیلئے اج کا اجلاس بلایا گیا ہے، سینیٹ اور قومی اسمبلی میں اس پر بات ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کے سوال ہوں گے تو جواب دیں گے، کچھ لوگوں نے اس اقدام بارہ اکتوبر سے جوڑا ایکس کمیٹی کے اجلاس اسلام آباد اور پشاور میں ہوتے رہے، صوبے میں ایک روز میں لکی مروت، ٹانک، باجوڑ میں واقعات ہوئے، ایسے وقت میں وزیر اعلیٰ کو لانگ مارچ کی بجائے ہسپتال میں ہونا چاہیے۔ قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے مشترکہ اجلاس سے خطاب میں کہا کہ جن حالات میں ہمارا ملک پھنس گیا ہے، خدا کو حاضر و ناظر جان کر کہتا ہوں یہ ہماری اندرونی خامیوں کا نتیجہ ہے، آئین بڑی مشکل سے بنا پاکستان ٹوٹنے کے بعد، پاکستان ٹوٹا بھی ہماری انا کی وجہ سے، سکندر مرزا سے متعلق مشہور ہے یہ اس بندے کا نواسہ ہے جس نے سراج دولا کو دھوکا دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ آپ نے گورنر راج لگایا، آپ بھی اس میں کود پڑے، قوائد وضوابط میں ہماری طرح آپ کے لیے بھی حدود ہے، آپ یہاں بیٹھے تھے آپکی وردیاں پہن کر ادارے 8 ممبران کو اٹھا کر لے گئے، مذاکرات اس بات پر ہونگے پارلیمنٹ طاقت کا سرچشمہ ہوگی، صوبوں کے وسائل پر ان کا حق ہوگا، بیٹھیں غیر مشروط مذاکرات کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم ان ہاتھوں کو روکیں گے، جمہوریت پر یقین رکھنے والی جماعتوں کا محاذ بنائینگے، گیارہ بارہ لوگوں کو گولیاں ماری گئیں، کیا احتجاج کرنا جرم ہے، لوگوں نے ردعمل دیا آپ کو چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی، کیا لوگوں نے بچے اس لیے جنے کے آپ گولیاں ماریں، ہمارے وزیر اعلیٰ، ایم پی ایز کو اغوا کیا، آپ اغوا کار ہیں آپ دہشت گرد ہیں۔ محمود اچکزئی نے کہا کہ فروری الیکشن آپ کھائیں قسم کیا آپ جیتے ہیں، کونسی دہشتگردی کی بات کر رہے ہیں، سوئیت یونین میں آپ نے فرنٹ اسٹیٹ بنایا، دہشتگردوں کو ٹریننگ آپ نے دی، 6 ہزار دہشت گردوں کو وہاں پہنچایا گیا، کیا اس کا ذمہ دار سہیل آفریدی ہے، دہشتگردی آپ لیکر آئے سہیل آفریدی اس وقت بچہ تھا۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ دنیا کہتی تھی دنیا کا سب سے خطرناک دہشت گرد آپ کے پاس ہے ہم انکاری تھے، 2 ہیلی کاپٹر آئے اور ہماری سالمیت کی دھجیاں بکھیری گئیں، افغانستان کے باڈر پر 20 فٹ کی دیوار کھڑی کر دی، دہشت گرد کہاں سے اڑ کر آتے ہیں، طالب آپ کی تخلیق ہے۔ سینیٹر شیری رحمان نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اچکزئی صاحب مارشل لاء کی بات نہ کریں، ہم سے پوچھیں مارشل لاء میں کیا ہوتا ہے، آپ کی حکومت میں ٹی ٹی پی فائٹر زور ہا گیا، بینظیر کی شہادت اس لیے نہیں دی کہ دن اور شام کو الگ الگ حکومت ہو، آپ کی قیادت مذاکرات میں نہیں آئی۔

قومی تعمیر و ترقی میں اہلِ قلم کا کردار

قلم محض چند حروف کو کاغذ پر منتقل کرنے کا نام نہیں، بلکہ یہ فکر و شعور کی بیداری، حق و صداقت کی ترجمانی، معاشرتی اصلاح اور قومی تعمیر و ترقی کا ایک مؤثر ذریعہ ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ جن قوموں نے علم، ادب، تحقیق اور مثبت فکر کو اپنا شعار بنایا، وہ دنیا میں عزت و وقار کی بلندیوں تک پہنچیں۔ قوموں کی تقدیر بدلنے میں جہاں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ افراد نے اپنا کردار ادا کیا، وہیں اہلِ قلم نے بھی اپنے افکار، نظریات اور تحریروں کے ذریعے معاشروں کی فکری سمت متعین کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

اہلِ قلم کسی بھی معاشرے کا وہ باشعور طبقہ ہوتے ہیں جو اپنے گرد و پیش کے حالات کا گہرا مشاہدہ کرتا، مسائل کی نشاندہی کرتا اور ان کے حل کے لیے اپنی تحریروں کے ذریعے مثبت تجاویز پیش کرتا ہے۔ ادیب، شاعر، کالم نگار، صحافی، محقق اور دانش ور اپنے الفاظ کے ذریعے معاشرے کی اجتماعی سوچ پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ ان کی تحریریں محض وقت گزاری کا ذریعہ نہیں ہوتیں بلکہ وہ قوموں کے ضمیر کو جھنجھوڑنے، نوجوان نسل کی رہنمائی کرنے اور عوام میں شعور و آگہی پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔

قومی تعمیر و ترقی کا تصور صرف بلند و بالا عمارتوں، کشادہ سڑکوں، جدید ٹیکنالوجی اور معاشی خوش حالی تک محدود نہیں، بلکہ ایک مہذب، تعلیم یافتہ، باشعور، انصاف پسند اور ذمہ دار معاشرے کی تشکیل بھی اس کا بنیادی حصہ ہے۔ جب تک کسی قوم کے افراد میں علم کی روشنی، اخلاقی اقدار، برداشت، دیانت داری، قانون کی پاسداری اور اجتماعی ذمہ داری کا احساس پیدا نہیں ہوتا، اس وقت تک حقیقی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔ اہلِ قلم اپنی تحریروں کے ذریعے انہی اقدار کو فروغ دینے اور معاشرے کی فکری تربیت کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

قلم کی سب سے بڑی طاقت یہ ہے کہ وہ خاموش ذہنوں کو آواز، بے سمت سوچ کو رہنمائی اور مایوسی میں مبتلا معاشرے کو امید دے سکتا ہے۔ ایک مؤثر تحریر کسی فرد کی سوچ تبدیل کر سکتی ہے، ایک بامقصد کالم معاشرتی مسئلے کی طرف توجہ مبذول کرا سکتا ہے اور ایک انقلابی خیال نسلوں کی تقدیر بدلنے کا سبب بن سکتا ہے۔

برصغیر کی تاریخ اس حقیقت کی گواہ ہے کہ برصغیر کے مسلمانوں میں سیاسی شعور، قومی شناخت اور آزادی کی تڑپ پیدا کرنے میں اہلِ قلم، شعرا اور مفکرین نے نمایاں کردار ادا کیا۔ علامہ محمد اقبالؒ کی شاعری نے خودی، خود اعتمادی، بیداری اور عمل کا پیغام دیا، جبکہ دیگر دانش وروں اور ادیبوں نے بھی اپنے افکار کے ذریعے اجتماعی شعور کی تشکیل میں حصہ لیا۔ تحریکِ پاکستان کے دوران صحافت نے عوام تک قومی نظریات پہنچانے، سیاسی حالات سے آگاہ کرنے اور آزادی کی جدوجہد کو فکری بنیاد فراہم کرنے میں اہم خدمات انجام دیں۔

یہ تاریخی حقائق اس بات کی یاددہانی کراتے ہیں کہ قلم کی طاقت وقتی حالات سے آگے بڑھ کر آنے والی نسلوں کی فکری تربیت بھی کرتی ہے۔ اہلِ قلم کے الفاظ کتابوں، اخبارات، رسائل اور دیگر ذرائع ابلاغ کے ذریعے ایک نسل سے دوسری نسل تک منتقل ہوتے رہتے ہیں اور یوں قوموں کا علمی و فکری سرمایہ محفوظ ہوتا ہے۔

کسی بھی ملک کی ترقی کا انحصار اس کی نوجوان نسل کی صلاحیتوں، کردار اور تعلیمی استعداد پر ہوتا ہے۔ نوجوان قوم کا مستقبل ہی نہیں بلکہ اس کا حال بھی ہیں۔ اگر نوجوانوں کو درست سمت، معیاری تعلیم، مثبت سوچ اور تعمیری سرگرمیوں کی طرف راغب کیا جائے تو وہ ملک کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کر سکتے ہیں۔

اہلِ قلم کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی تحریروں میں نوجوانوں کو علم، تحقیق، تخلیقی مطالعے، صلاحیتوں، سائنسی سوچ اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہونے کی ترغیب دیں۔ انہیں یہ احساس دلایا جائے کہ کامیابی کا راستہ محنت، مستقل مزاجی، دیانت داری اور مسلسل سیکھنے سے ہو کر گزرتا ہے۔ نوجوانوں کو مایوسی، انتہا پسندی، نفرت اور غیر تعمیری رجحانات سے دور رکھنا بھی اہلِ قلم کی اہم ذمہ داریوں میں شامل ہے۔

اسی طرح تعلیمی اداروں، اساتذہ، محققین اور علم دوست شخصیات کی خدمات کو اجاگر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جب معاشرے میں علم و تحقیق سے وابستہ افراد کو عزت دی جاتی ہے تو نئی نسل میں بھی تعلیم حاصل کرنے، تحقیق کرنے اور ملک و قوم کے لیے کچھ کر گزرنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔

ایک ذمہ دار قلم کار کا مقصد محض تنقید کرنا نہیں بلکہ اصلاح کی راہیں تلاش کرنا بھی ہوتا ہے۔

قلم کی حرمت کا تقاضا ہے کہ اہلِ قلم سچائی، دیانت داری، غیر جانب داری اور تحقیق کو اپنی تحریروں کی بنیاد بنائیں۔

اختلافِ رائے ہر مہذب معاشرے کا فطری حصہ ہے، تاہم اختلاف کو ذاتی دشمنی، کردار کشی یا نفرت انگیزی میں تبدیل نہیں ہونا چاہیے۔

یہی وہ طرزِ فکر ہے جو صحافت کو محض خبروں کی اشاعت سے بلند کر کے عوامی خدمت، احتساب اور قومی رہنمائی کا مؤثر ذریعہ بناتا ہے۔

وطن عزیز پاکستان مختلف زبانوں، ثقافتوں، علاقوں اور روایات کا حسین امتزاج ہے۔ اہلِ قلم کی تحریروں میں قومی یکجہتی، مذہبی و سماجی ہم آہنگی، انسانی احترام اور بین الصوبائی محبت کو نمایاں مقام حاصل ہونا چاہیے۔ ایسے موضوعات پر لکھنا وقت کی ضرورت ہے جو لوگوں کو ایک دوسرے کے قریب لائیں، اختلافات کو مکالمے کے ذریعے حل کرنے کی ترغیب دیں اور معاشرے میں امن و محبت کی فضا قائم کریں۔

زبان اور ثقافت کسی بھی قوم کی شناخت کا اہم حصہ ہوتی ہیں۔ اردو سمیت پاکستان کی تمام علاقائی زبانوں میں تخلیقی ادب، تحقیق، شاعری اور معیاری تحریروں کو فروغ دینا قومی علمی و ثقافتی ورثے کے تحفظ کے لیے ضروری ہے۔ ادیب اور شاعر اپنی تخلیقات کے ذریعے معاشرے کی تہذیبی اقدار کو محفوظ رکھتے اور نئی نسل کو اپنی تاریخ، ثقافت اور روایات سے روشناس کراتے ہیں۔

ڈیجیٹل دور میں اہلِ قلم کی بڑھتی ہوئی ذمہ داریاں موجودہ دور میں ذرائع ابلاغ اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی نے معلومات کی ترسیل کو غیر معمولی طور پر تیز کر دیا ہے۔ سوشل میڈیا، ویب سائٹس اور ڈیجیٹل اخبارات کے ذریعے کوئی بھی تحریر چند لمحوں میں لاکھوں افراد تک پہنچ سکتی ہے۔ اس سہولت نے اہلِ قلم کے لیے نئے مواقع پیدا کیے ہیں، لیکن اس کے ساتھ ذمہ داریوں میں بھی اضافہ ہوا ہے۔

ایسے حالات میں اہلِ قلم پر لازم ہے کہ وہ معلومات کی تصدیق کریں، مستند ذرائع سے رجوع کریں اور سنسنی خیزی کے بجائے سچائی کو ترجیح دیں۔

آج ضرورت اس امر کی ہے کہ اہلِ قلم جدید ذرائع ابلاغ کو مثبت قومی مقاصد، تعلیمی آگہی، سماجی اصلاح اور عوامی رہنمائی کے لیے استعمال کریں۔

یہ حقیقت بھی پیشِ نظر رہنی چاہیے کہ اہلِ قلم کی عزت افزائی محض کسی ایک شخصیت کی حوصلہ افزائی نہیں بلکہ علم، ادب، تحقیق اور مثبت قومی فکر کی حوصلہ افزائی ہے۔

قلم کار کی اصل پہچان اس کی تحریر، فکری گہرائی، کردار اور معاشرتی ذمہ داری ہے۔

قومی ترقی کے لیے ضروری ہے کہ اہلِ قلم اپنے قلم کو ذاتی مفادات، گروہی تعصبات اور وقتی مصلحتوں سے بالاتر رکھیں۔ ایسے موضوعات کو اہمیت دیں جو معاشرے کی حقیقی ضروریات سے تعلق رکھتے ہوں۔

حقیقت یہ ہے کہ قوموں کی تعمیر صرف اینٹ، پتھر، سیمنٹ اور فولاد سے نہیں ہوتی بلکہ اس کے لیے مضبوط کردار، بلند فکر، علم و دانش، اخلاقی اقدار اور قومی شعور بھی ناگزیر ہیں۔

اہلِ قلم اسی فکری تعمیر کے معمار ہیں۔ ان کے الفاظ معاشرے کو آئینہ دکھاتے، ضمیر کو بیدار کرتے، مایوسی میں امید پیدا کرتے اور قوموں کو اپنی منزل کی پہچان کراتے ہیں۔ ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے قلم کو سچائی، خدمت، اصلاح، اتحاد اور ترقی کا وسیلہ بنائیں۔

پاکستان کو ایک مضبوط، خوش حال، تعلیم یافتہ اور ترقی یافتہ ریاست بنانے کے لیے ضروری ہے کہ ہم علم و ادب کو فروغ دیں، اہلِ قلم کی خدمات کا اعتراف کریں، نوجوان نسل میں مطالعے کا شوق پیدا کریں اور تحریر و تحقیق کو قومی ترجیحات میں شامل کریں۔

قلم کی حرمت کا تحفظ دراصل علم، شعور اور قومی مستقبل کا تحفظ ہے۔

کیونکہ قلم صرف تاریخ رقم نہیں کرتا، بلکہ تاریخ کا رخ بدلنے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔

RAJA NOOR ILAHI ATIF
VOICE OF THALL
noorilahi727@gmail.com
0345-1060499

ماحولیاتی تباہی، کون ذمہ دار؟

ماحولیاتی آلودگی آج پاکستان کے بڑے شہروں کے لیے ایک سنگین چیلنج بن چکی ہے مگر افسوس ناک امر یہ ہے کہ اس بحران سے نمٹنے کے لیے حکومتی اقدامات اور متعلقہ سرکاری اداروں کی کارکردگی عوامی توقعات پر پوری نہیں اتر سکی۔ آبادی میں بے تحاشا اضافہ، صنعت کاری، ٹریفک کا دباؤ، درختوں کی کٹائی اور ناقص شہری منصوبہ بندی نے قدرتی ماحول کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ صاف ہوا، شفاف پانی اور صحت مند ماحول ہر شہری کا بنیادی حق ہے لیکن لاہور، کراچی، اسلام آباد، فیصل آباد اور ملتان جیسے شہروں میں شہریوں کو ان بنیادی ضروریات کے حصول کے لیے بھی مشکلات کا سامنا ہے۔ سوال یہ ہے کہ ماحولیاتی تحفظ کے لیے قائم ادارے، متعلقہ محکمے اور حکومتیں اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں کیوں ناکام دکھائی دیتی ہیں؟ لاہور پاکستان کا ایک بڑا تاریخی، ثقافتی اور صنعتی شہر ہے لیکن گزشتہ کئی برسوں سے اسموگ نے اس کی فضا کو شدید متاثر کر رکھا ہے۔ سردیوں میں شہر اکثر دھوئیں اور آلودہ ذرات کی دبیز تہہ میں چھپ جاتا ہے۔ گاڑیوں کا دھواں، صنعتی اخراج، بھٹوں سے پیدا ہونے والی آلودگی، تعمیراتی سرگرمیاں اور فصلوں کی باقیات جلانے کے واقعات اس مسئلے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اس صورتِ حال پر قابو پانا متعلقہ سرکاری اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے مگر ہر سال اسموگ کی شدت میں اضافے کے بعد اجلاسوں، ہدایات، عارضی پابندیوں اور چند روزہ مہمات کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ جب آلودگی کے اسباب برسوں سے معلوم ہیں تو ان کے خاتمے کے لیے مستقل اور مؤثر اقدامات پہلے سے کیوں نہیں کیے جاتے؟ لاہور میں اسموگ کے باعث شہریوں کی صحت متاثر ہوتی ہے، بچوں اور بزرگوں کو سانس لینے میں دشواری پیش آتی ہے اور تعلیمی سرگرمیاں بھی متاثر ہوتی ہیں۔ ایسے حالات میں محض شہریوں کو ماسک پہننے، گھروں میں رہنے یا غیر ضروری طور پر باہر نکلنے سے گریز کرنے کا مشورہ دینا کافی نہیں۔ حکومت کو یہ بھی بتانا چاہیے کہ آلودگی پیدا کرنے والے صنعتی یونٹوں، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں اور ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کتنی مؤثر کارروائی کی گئی۔ اگر ہر سال یہی مسائل دوبارہ جنم لیتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ حکمتِ عملی میں بنیادی خامیاں موجود ہیں۔ عوام کو وقتی ریلیف دینے کے بجائے آلودگی کے بنیادی اسباب ختم کرنا حکومت اور متعلقہ اداروں کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔

ماحولیاتی تحفظ کے لیے پاکستان میں وفاقی سطح پر وزارتِ موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ اور متعلقہ ماحولیاتی ادارے جب کہ صوبائی سطح پر ماحولیاتی تحفظ کے محکمے اور ایجنسیاں کام کرتی ہیں۔ ان اداروں کی ذمہ داری صرف قوانین بنانا، نوٹس جاری کرنا یا آلودگی کے اعداد و شمار جمع کرنا نہیں بل کہ قوانین پر عمل درآمد یقینی بنانا، صنعتی اخراج کی نگرانی کرنا، خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرنا اور عوام کو درست معلومات فراہم کرنا بھی ہے۔ تاہم جب شہریوں کو بار بار فضائی آلودگی، آلودہ پانی، کچرے اور صنعتی فضلے کے مسائل کا سامنا کرنا پڑے تو ان اداروں کی کارکردگی پر سوال اٹھنا فطری ہے۔ حکومت کو واضح کرنا چاہیے کہ ان اداروں کی نگرانی کا مؤثر نظام کیا ہے اور ان کی کارکردگی کا احتساب کس بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ کراچی پاکستان کا سب سے بڑا شہر اور معاشی سرگرمیوں کا مرکز ہے لیکن صنعتی آلودگی، ٹریفک کے دھوئیں، کچرے کے ناقص انتظام اور آلودہ پانی نے اس کے ماحول کو شدید متاثر کیا ہے۔ مختلف علاقوں میں کچرے کے ڈھیر، نالوں میں جمع گندگی اور بعض مقامات پر کچرا جلانے کے واقعات شہری انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہیں۔ صنعتی فضلے اور گندے پانی کو مناسب طریقے سے صاف کیے بغیر خارج کرنا انسانی صحت اور سمندری حیات کے لیے خطرہ بن سکتا ہے۔ اس کے باوجود اگر شہری برسوں تک صفائی، نکاسی؟ آب اور آلودگی کے مسائل سے دوچار رہیں تو متعلقہ اداروں کی جواب دہی ضروری ہو جاتی ہے۔ حکومت کو محض وسائل کی کمی کا عذر پیش کرنے کے بجائے موجود وسائل کے شفاف اور مؤثر استعمال کو یقینی بنانا چاہیے۔

اسلام آباد کو پاکستان کے نسبتاً سرسبز اور خوب صورت شہروں میں شمار کیا جاتا ہے لیکن یہاں بھی تعمیراتی سرگرمیوں، گاڑیوں کے بڑھتے ہوئے استعمال، درختوں کی کٹائی اور قدرتی علاقوں پر بڑھتے ہوئے دباؤ نے ماحولیاتی تحفظ کے حوالے سے سنجیدہ سوالات پیدا کیے ہیں۔ مارگلہ کی پہاڑیوں اور شہر کے سرسبز علاقوں کا تحفظ متعلقہ اداروں کی اہم ذمہ داری ہے۔ اگر ترقیاتی منصوبوں کے دوران درختوں، قدرتی نالوں اور سبز مقامات کو نقصان پہنچتا ہے تو اس کے اثرات طویل عرصے تک برقرار رہتے ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ ترقیاتی منصوبوں کی منظوری دیتے وقت ماحولیاتی اثرات کا حقیقی جائزہ لے اور خلاف ورزی کی صورت میں ذمہ داروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کرے۔ قدرتی ماحول کو نقصان پہنچانے کے بعد شجرکاری کی مہمات شروع کرنا اس وقت تک کافی نہیں، جب تک موجودہ درختوں اور قدرتی وسائل کا تحفظ یقینی نہ بنایا جائے۔

فیصل آباد، گوجرانوالہ اور ملتان جیسے شہروں میں بھی صنعتی اخراج، گرد و غبار، ٹریفک اور ناقص شہری منصوبہ بندی کے باعث ماحولیاتی مسائل بڑھ رہے ہیں۔ فیصل آباد میں صنعتی سرگرمیوں سے پیدا ہونے والے فضلے اور آلودہ پانی کی نگرانی، گوجرانوالہ میں صنعتی اخراج کی روک تھام اور ملتان میں گرد و غبار اور شہری پھیلاؤ پر قابو پانا متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے۔ اگر ماحولیاتی قوانین موجود ہیں تو ان پر عمل درآمد کیوں یقینی نہیں بنایا جا رہا؟ اگر قوانین میں خامیاں ہیں تو انھیں دور کرنے کے لیے مؤثر قانون سازی کیوں نہیں کی جاتی اور اگر اداروں کے پاس وسائل کی کمی ہے تو حکومت اس مسئلے کے حل کے لیے کتنے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے؟ ان سوالات کے جواب محض سرکاری بیانات سے نہیں بل کہ عملی کارکردگی اور قابلِ تصدیق نتائج سے سامنے آنے چاہییں۔ ماحولیاتی آلودگی کا نقصان صرف صحت تک محدود نہیں بل کہ قومی معیشت اور سماجی زندگی بھی اس سے متاثر ہوتی ہے۔ بیماریوں میں اضافے سے علاج معالجے کے اخراجات بڑھتے ہیں، ملازمین کی کارکردگی متاثر ہوتی ہے اور تعلیمی اداروں میں غیر حاضری بڑھ سکتی ہے۔ شدید اسموگ کے باعث کاروباری سرگرمیاں اور آمد و رفت متاثر ہوتی ہیں جب کہ آلودہ پانی مختلف بیماریوں کا سبب بن سکتا ہے۔ اس صورتِ حال میں حکومت کی ذمہ داری صرف ہنگامی اقدامات کرنا نہیں بل کہ صحت، صنعت، ٹرانسپورٹ، زراعت اور شہری منصوبہ بندی کے محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ قائم کرنا بھی ہے۔ ماحولیاتی مسائل کو ایک محکمے تک محدود سمجھنا خود انتظامی کمزوری کی علامت ہے۔ جب تک تمام متعلقہ ادارے مشترکہ حکمتِ عملی کے تحت کام نہیں کریں گے، اس بحران پر قابو پانا مشکل رہے گا۔

پاکستان میں ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے کے لیے حکومت کو نمائشی مہمات اور عارضی اقدامات سے آگے بڑھنا ہوگا۔ صنعتی یونٹوں کے اخراج کی مسلسل نگرانی، گاڑیوں کے دھوئیں کی جانچ، صاف ایندھن کا فروغ، جدید پبلک ٹرانسپورٹ، گندے پانی کی صفائی اور کچرے کے مؤثر انتظام کو ترجیح دینا ہوگی۔ ماحولیاتی اداروں کی کارکردگی کا باقاعدہ جائزہ لیا جائے، فضائی معیار کے اعداد و شمار عوام کے سامنے رکھے جائیں اور قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے بااثر افراد اور اداروں کے خلاف بھی یکساں کارروائی کی جائے۔ اسی طرح ماحولیاتی منصوبوں کے لیے مختص فنڈز کے استعمال میں شفافیت اور ذمہ دار افسران کے احتساب کو یقینی بنایا جائے۔ حکومت کو ہر سال یہ رپورٹ پیش کرنی چاہیے کہ آلودگی میں کمی کے لیے کیا اہداف مقرر کیے گئے اور ان میں سے کتنے حاصل ہوئے۔ حقیقت یہ ہے کہ صاف ہوا اور صحت مند ماحول کسی حکومت کا احسان نہیں بل کہ عوام کا بنیادی حق ہے۔ لاہور کی اسموگ، کراچی کی آلودگی، اسلام آباد کے قدرتی ماحول پر بڑھتا ہوا دباؤ اور دیگر شہروں کے مسائل حکومتی ترجیحات اور متعلقہ اداروں کی کارکردگی کا سنجیدہ امتحان ہیں۔ اگر ہر سال شہری آلودگی کا شکار ہوں، بیماریاں بڑھیں اور ماحول کو نقصان پہنچتا رہے مگر ذمہ دار اداروں سے مؤثر جواب طلبی نہ ہو تو صورتِ حال میں بہتری کی امید کم ہو جاتی ہے۔ حکومت کو تسلیم کرنا ہوگا کہ ماحولیاتی بحران صرف قدرتی عوامل کا نتیجہ نہیں بل کہ ناقص منصوبہ بندی، کم زور نگرانی اور غیر مؤثر عمل درآمد بھی اس میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ سرکاری ادارے کاغذی کارروائی اور بیانات سے نکل کر عملی میدان میں اپنی کارکردگی ثابت کریں کیوں کہ ترقی کا اصل معیار بلند عمارتیں اور کشادہ سڑکیں نہیں بل کہ ایک ایسا پاکستان ہے جہاں شہری صاف ہوا میں سانس لے سکیں اور آنے والی نسلیں صحت مند ماحول میں زندگی گزار سکیں۔

شمشیرِ بے نیام
حمید علی
hamidalichaudhary51@gmail.com

حاجی لق لق؟

کہتے ہیں ایک لڑکی کی شادی ہوئی وہ 15 دنوں بعد میکے آئی اور آتے ہی دھاڑیں مار کر رونا شروع کر دیا ماں باپ نے پریشان ہو گئے

''مجھے آپ نے کس کے پلے باندھ دیا؟

''آخر ہوا کیا ہے؟ ماں نے پوچھا

''میرا خاوند بہت بڑا شرابہ ہے۔۔۔ لڑکی نے آنسو پونچھتے ہوئے جواب دیا

''تجھے اب اپنے دنوں بعد پتہ چلا ہے۔۔ باپ نے سخت لہجے میں کہا

''ہاں۔۔ لڑکی نے روتے روتے کہا کیونکہ آج وہ پیئے بغیر گھر آ گیا تھا۔۔۔ کہتے ہیں پاکستان میں روزانہ کروڑوں کی شراب پی جاتی ہے اور پینے والوں میں ہر عمر ہر جنس کے لوگ شامل ہیں راولپنڈی کی ایک شراب ساز فیکٹری دن رات دھڑا دھڑ شراب تیار کر رہی ہے۔۔ سالانہ کروڑوں اربوں کی ولایتی شراب بھی امپورٹ کی جاتی ہے سمگل ہو کر آنے والی بڑی کھیپ الگ ہے اس کے علاوہ ملک بھر میں غیر قانونی طور دیسی شراب بھی ٹنوں کے حساب تیار اور فروخت ہوتی رہتی ہے کچی شراب پینے سے ہر سال سینکڑوں افراد کی ہلاکت کے باوجود قانون وقتی طور پر حرکت میں آتا ہے اور کئی پولیس اہلکاروں کو مالا مال کر کے پھر سو جاتا ہے شنید ہے کہ پاکستان میں ویلنٹائن ڈے، پہلی نیو ایئر، کرسمس، بسنت اور عیدین جیسے تہواروں پر شراب کی کھپت میں اضافہ ہو جاتا ہے شاید پینے والے یہ سوچ کر پیتے ہیں

آگے چل کر حساب ہونا ہے
اس لئے بے حساب پی لیجئے

کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ مذہب نے حرمتِ شراب کا جو حکم دیا ہے وہ سر آنکھوں پر! لیکن یہ ہمارا ذاتی معاملہ ہے شراب۔۔۔ شراب ہوتی ہے اور یہ ہمیں تو کچھ نہیں کہتی۔۔۔ لیکن وہ یہ بات کہتے ہوئے بھول جاتے ہیں کہ اس ملک کے ایک سابق وزیر اعظم نے بھی ''پینے'' کا برملا اعتراف کرتے ہوئے کہا تھا کہ۔۔۔ ہاں پیتا ہوں۔۔۔ تھوڑی سی پیتا ہوں۔۔۔ قوم نے ان کی اس غلطی کو معاف نہ کیا اسی لئے کچھ لوگوں نے اس شعر کو اپنا مسلک بنا لیا ہے

یہ اپنی مستی ہے جس نے مچائی ہے ہلچل
نشہ شراب میں ہوتا تو ناچتی بوتل

کا عقیدہ رکھنے والے یقیناً غلطی پر ہیں مذہب، اخلاق، قانون اور معاشرہ اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ کوئی مسلمان شرابی ہو، ارکان اسمبلی تو پھر عوام کے منتخب نمائندے ہیں جن کا کردار رول ماڈل ہونا چاہیے آئے روز ملک بھر سے کہیں نہ کہیں سے شراب و شباب کی محفلوں اور مجروں کا انکشاف ہوتا رہتا ہے وقتی طور پر اس پر لے دے ہوتی ہے پھر معاملہ ٹائیں ٹائیں فش یہ بھی سننے میں آتا ہے کہ پینا پلانا ایک فیشن ہے یا یہ کلچر کا ایک حصہ بن گیا ہے کئی مرتبہ پبلک مقامات یا کبھی کبھار پارلیمنٹ لاجز سے شراب کی ڈھیروں بوتلیں ملنے کی بازگشت بھی سنائی دیتی ہے اس کا مطلب یہ نہیں بڑی بڑی اشرافیہ یا تمام کے تمام ارکان اسمبلی ''حاجی لق لق'' ہیں اس لئے مٹی پاؤ والا فلسفہ کسی بھی لحاظ سے درست نہ ہوگا اسلام کی حد اور پاکستان کے آئین کی روشنی میں ایک اسلامی مملکت میں میں شرابیوں کی موجودگی خطرے کی گھنٹی ہے یہ بااثر لوگ یقیناً کبھی ملک میں اسلامی قوانین کا نفاذ نہیں ہونے دینگے ان کی موجودگی 18 کروڑ عوام کی توہین اور اسلامی تعزیرات کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے ویسے ان سے اچھے تو مرزا غالب تھے جنہوں نے کہا تھا

قرض کی پیتے تھے اور اس سوچ میں گم تھے
رنگ لائے گی ہماری فاقہ مستی ایک دن

لیکن یہ ان کی خام خیالی تھی الٹا عدم ادائیگی کے باعث ان پر قرض خواہوں نے مقدمہ کر دیا مرزا غالب کو ایک انگریز مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا گیا حالات و واقعات سننے کے بعد انگریز مجسٹریٹ فیصلہ سنانے لگا تو مرزا غالب نے اس

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ امیرا تجیکا تحصیل دیپالپور

محمد ارشد بنام محمد اکرم وغیرہ

درخواست تقسیم اراضی مندرجہ کھیوٹ نمبر 23 موضع امیرا تجیکا

1۔محمد اکرم ولد محمد نواز قوم کھرل 2۔ آسیہ بی بی دختر محمد حسن قوم رنگریز 3۔احمد شجاع ولد ریاض حسین قوم وٹو 4۔مشتاق احمد ولد محمد نواز قوم کھرل 5۔فیض احمد ولد کرم قوم آرائیں 6۔ریاض احمد ولد مقبول احمد قوم راجپوت 7۔اللہ دتہ ولد محمد انور قوم آرائیں 8۔محمد آصف ولد محمد عباس قوم مستری 9۔محمد شعبان ولد محمد صدیق قوم میر عالم 10۔سسرت خاں دختر خان محمد قوم وٹو 11۔امتیاز احمد ولد محمد نواز قوم کھرل 12۔رشید ولد سلیمان قوم کھرل 13۔منظور احمد ولد سید احمد قوم بھٹی 14۔معین احمد ولد احمد حسن قوم وٹو 15۔سخی علی ولد پیرم قوم ماچھی 16۔غلام احمد ولد جان محمد قوم پنوار 17۔لال خاں ولد احمد یار قوم وٹو 18۔محمد امین ولد ہجوارہ قوم میر عالم 19۔محمد عاشق ولد محمد عباس قوم مستری 20۔محمد احسان ولد محمد یونس قم پٹھان 21۔مشتاق احمد ولد محمد قوم بھٹی 22۔امتیاز علی ولد محرم قوم شیخ 23۔غلام فرید ولد محمد شریف قوم رنگریز 24۔احمد حسن ولد محمد حیات قوم وٹو 25۔محمد حسین ولد جان محمد قوم سہو 26۔محمد اسلم ولد اللہ دتہ قوم میں 27۔کوثر بی بی دختر فیض احمد قوم شیخ 28۔ممتاز احمد ولد عطاء محمد قوم وٹو 29۔ندیم احمد ولد محمد حسن قوم رنگریز 30۔نسرین بیگم دختر احمد یار وٹو 1 3۔بختاور بی بی بیوہ علی احمد قوم راجپوت 2 3۔خضر حیات ولد ریاض حسین 33۔محمد ظفر ولد ریاض حسین 34۔سلیم احمد ولد محمد حسن اقوام وٹو 5 3۔محمد بوٹا ولد محمد رمضان قوم قریشی 36۔محمد حسین ولد محمد شریف قوم رنگریز 37۔مہر نشاں بیوہ احمد یار قوم وٹو 38۔غلام فرید ولد محمد یار قوم کلیا 39۔مختار احمد ولد عطاء محمد قوم وٹو 40۔قاسم علی ولد اللہ دتہ قوم چاہل 1 4۔محمود احمد ولد سید احمد قوم بھٹی 2 4۔محمد اقبال ولد محمد نواز قوم کھرل 43۔محمد احمد ولد محمد صدیق قوم میر عالم 44۔محمد افضل ولد محمد صدیق قوم میر عالم 45۔تنویر احمد ولد سید احمد قوم بھٹی 46۔اللہ دتہ ولد محمد علی قوم وٹو 47۔صائمہ بی بی دختر محمد حسن رنگریز 48۔محمد اکرم ولد محمد شہباز قوم کھرل 49۔نور احمد ولد سید احمد بھٹی 50۔محمد اعظم ولد احمد یار ولد 51۔مختیار احمد ولد محمد عباس مستری 52۔محمد آصف ولد محمد شعبان قوم قریشی 53۔عدنان ولد محمد شعبان 54۔ساجد ولد محمد شعبان اقوام قریشی 55۔وزیراں بی بی بیوہ نذر محمد قوم کمہار 56۔وارث علی ولد ولی محمد قوم میر عالم 7 5۔محمد اکرم ولد نور احمد بھٹی 8 5۔آصفہ اسحاق ولد ولد محمد اسحاق آرائیں 59۔محمد سرور ولد نور احمد بھٹی 60۔فخر حسین ولد ریاض احمد وٹو 1 6۔خورشید بیوہ مقبول احمد راجپوت 62۔ریاض حسین ولد علاول قوم وٹو 63۔رضیہ بی بی دختر عبدالفتح وٹو 4 6۔بیرم ولد لال ماچھی 5 6۔محمد اکرم ولد اللہ دتہ قوم میں 6 6۔محمد عثمان ولد محمد شعبان قوم قریشی 67۔غلام فرید ولد عبدالفتح وٹو 8 6۔مقبول احمد ولد محمد عباس مستری 69۔منظور احمد ولد سلیمان میر عالم 70۔انور بیگم بیوہ عبدالفتح 71۔فیض بی بی دختر چراغ وٹو 72۔اللہ دتہ ولد فیض احمد آرائیں 73۔محمد حنیف ولد نذر محمد میر عالم 74۔محمد رفیق ولد احمد یار چاہل 75۔شاہین بیگم دختر احمد یار وٹو 76۔محمد ارشد ولد محمد حسن رنگریز 77۔محمد احمد ولد اسحاق بھٹی 8 7۔شاہد ولد طفیل وٹو 9 7۔فیاض احمد ولد محمد طفیل وٹو 8 0۔حسنات احمد ولد احمد یار وٹو 1 8۔سعید احمد ولد بشیر احمد بھٹی 2 8۔ناظم علی ولد نذر محمد کمہار 3 8۔محمد زمان ولد ممتاز احمد وٹو 4 8۔محمد حسن ولد اسحاق بھٹی 5 8۔محمد شہزاد اسماعیل ولد محمد اسماعیل چاہل 6 8۔محمد سرور ولد نذر محمد چاہل 7 8۔محمد احمد ولد سید محمد میر عالم 8 8۔محمد ارشد ولد محمد امین میر عالم 89۔محمد فیاض ولد نادر علی مہر 90۔عرفان علی شاہ ولد سید قربان علی شاہ بخاری سید 1 9۔محمد احتشام ولد محمد اعظم وٹو 92۔محمد حسیب ولد محمد اعظم وٹو 93۔علی حیدر ولد محمد اعظم وٹو 94۔علی زیب ولد اورنگزیب وٹو 95۔محمد طفیل ولد سراج قوم موچی 96۔مشتاق احمد ولد محمد طفیل موچی 97۔ثریہ بی بی دختر محمد سراج قوم موچی 98۔ارشد ولد صدیق میر عالم 99۔اعظم ولد نذر محمد قوم کمہار ساکنان موضع امیرا تجیکا تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 2026-10-17 بوقت 8:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Imam Din

بعدالت جناب میڈم نازش نواز کیانی صاحبہ جج فیملی کورٹ پسرور

دعویٰ تنسیخ نکاح برنبائے خلع : ایمن فاطمہ بنام اسد علی: اشتہار بنام اسد علی ولد محمد اشرف ذات بھٹی ساکن حسن پورہ تلونڈی بھنڈراں تحصیل و ضلع نارووال۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 2026-10-16 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب عنایت علی کاشف صاحب نائب تحصیلدار باختیارات/AC-I پسرور

درخواست تقسیم اراضی زیر دفعہ 135 لینڈ ریونیو ایکٹ: وارث علی وغیرہ بنام محمد امین وغیرہ: اشتہار بنام 1-محمد امین ولد محمد شفیق 2-جمیلہ بیگم دختر محمد شفیق 3-سردار ولد گوہر 4-برکت بی بی بیوہ 5-غلام حسین پسر محمد دین 6-منظور حسین ولد محمد دین- 7- خورشید بیگم دختر نذر دین 8-محمد ریاض 9-محمد نواز 10-محمد حسین پسران محمد شفیق 11-جعفر حسین ولد محمد امین ساکنان احمد پور تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ درخواست عنوان بالا میں متول علیہم کو بتقرر 2026-10-20 بوقت 9 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً طلب کیا گیا ہے عدم حاضری کی صورت یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب افضل بیگ صاحب جج فیملی کورٹ ماڈل ٹاؤن لاہور

دعویٰ: تنسیخ نکاح برنبائے خلع

عنوان امنہ انصاری بنام عمران عبدالخالق

اشتہار بنام عمران عبدالخالق ولد عبدالخالق ساکن نیو شالیمار روڈ مکان نمبر اسٹریٹ نمبر 1 محلہ نوناریاں سٹی لاہور

مدعا علیہم

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعلیہ/ مدعا علیہم تعمیل سمن یگریزاں بیان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 2026-10-24 کو بوقت 9 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Yousaf

بعدالت جناب طالب حسین طالب صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

۔پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ گورنر راج کے نفاذ کے تیسرے روز صوبے میں وفاقی اقدامات کے خلاف بدامنی، احتجاج یا جلسے جلوسوں کے آثار دکھائی نہیں دیے جب کہ ان اقدامات پر ردعمل زیادہ تر قانونی اور آئینی بحث تک محدود ہے۔انہوں نے کہا خیبر پختونخوا کی سابقہ حکمرانی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اگر تیرہ سال تک کرپشن ہوتی رہی ہو تو اس کے نتائج ایسے ہی نکلتے ہیں کہ چھتیں گرنے لگتی ہیں۔

بقیہ	سحر	10

میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس المناک سانحے نے پوری قوم کو غمزدہ کردیا ہے، ہمارے بچے ہمارا سب سے قیمتی سرمایہ ہیں اور اس طرح کا جانی ضیاع پورے ملک کے لیے ایک بڑا سانحہ ہے۔جمعرات کو سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنی پوسٹ میں نائب وزیراعظم نے جاں بحق افراد کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندانوں کو صبرِ جمیل اور اس ناقابلِ تلافی نقصان کو برداشت کرنے کی ہمت عطا کرے۔سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور حکومت نے اس صورتحال کا سنجیدگی سے نوٹس لیا ہے، بچوں کی حفاظت اور سلامتی کو ہر صورت اولین ترجیح رہنا چاہیے۔انہوں نے زور دیا کہ متاثرہ افراد کو فوری امداد فراہم کرنے، زخمیوں کو بہترین ممکنہ طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے اور سکولوں میں حفاظتی معیار بہتر بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں تاکہ ایسے المناک واقعات کے دوبارہ رونما ہونے سے بچا جاسکے۔

بقیہ	سحر	11

فرضوں اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کی صلاحیت مضبوط بنانے سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں عالمی بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر ہونے والی ملاقات میں ڈیجیٹل ادائیگیوں، نقد رقم کے بغیر معیشت کے فروغ اور سماجی تحفظ کی رقوم اور ہدفی سبسڈیز کی شفاف فراہمی سے متعلق امور زیرِ بحث آئے۔وزیرِ خزانہ نے دراز اور علی بابا ڈاٹ کام کے ذریعے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں، مقامی برانڈز اور برآمدات کے فروغ کے لئے علی بابا کی معاونت کو سراہا۔انہوں نے ای کامرس پر ٹیکس کے نظام کو مزید موثر اور متوازن بنانے کے لئے تجاویز پیش کرنے کی دعوت بھی دی تاکہ ٹیکس نظام میں منصفانہ شرکت اور ٹیکس دہندگان کی تعداد میں اضافے کے درمیان توازن برقرار رکھا جاسکے۔فریقین نے پاکستان سنگل ونڈو کے ای کامرس پلیٹ فارم پر کام تیز کرنے اور سرحد پار ادائیگیوں اور برآمدات سے حاصل ہونے والی رقوم کی نگرانی بہتر بنانے پر گفتگو کی۔

بقیہ	سحر	23

کا پُرامن حل ایک ایسے سازگار ماحول کے قیام کے لیے ناگزیر ہیں جہاں جدت فروغ پا سکے اور اس کے ثمرات ہر جگہ لوگوں تک پہنچ سکیں۔جمعرات کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے یہ بات عالمی یوم خوراک کے موقع پر اپنے پیغام میں کہی جو 16 اکتوبر کو پاکستان سمیت دنیا بھر میں منایا جارہا ہے۔

بقیہ	سحر	24

ہاؤس میں ان کے چیمبر میں ملاقات کی اور ماہی گیروں کے مسائل اور ان کے حل سے متعلق اقدامات پر بریفنگ دی۔

بقیہ	سحر	25

سالانہ اجلاسوں کے موقع پر ورلڈ بینک کی مینیجنگ ڈائریکٹر آپریشنز انا بیئرڈے سے ملاقات کی۔ملاقات میں پاکستان کے کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک (سی پی ایف) 2035–2026 پر عمل درآمد پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وفاقی وزیر احد چیمہ نے سی پی ایف کے مقاصد کو ٹھوس ترقیاتی نتائج میں ڈھالنے کے حکومتی عزم کا اعادہ کرتے ہوئے تکنیکی اور مالی معاونت میں اضافے، مختلف شعبوں پر مشتمل مربوط پروگراموں اور پیش رفت کی نگرانی اور اثرات کی پیمائش کیلئے ڈیجیٹل نظام وضع کرنے پر زور دیا۔

بقیہ	سحر	26

بانی پی ٹی آئی کے ایلس اکاؤنٹ کیس میں 23 نومبر کی تاریخ مقرر کی گئی ہے، کچھ مشتبہ اکاؤنٹس سے ہمارا کوئی تعلق نہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک میں ایسے حالات نہیں تھے کہ ایمرجنسی یا گورنر راج نافذ کیا جاتا، پوری بیوروکریسی کو تبدیل کر دیا گیا ہے اور ایک سیاسی جماعت کو ختم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ 11 اکتوبر کے بعد سے سہیل آفریدی سے کوئی رابطہ نہیں ہوسکا، اراکینِ صوبائی اسمبلی اور اسپیکر صوبائی اسمبلی سے بھی رابطہ نہیں ہورہا۔چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ کھوکھلے مذاکرات اور دعوؤں سے مسائل حل نہیں ہوتے، حکومت بتائے کہ مذاکراتی عمل کیوں ختم ہوا۔

بقیہ	سحر	27

پر تبادلہ خیال کیا گیا۔گفتگو میں پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ میں حالیہ بہتری، مالیاتی اور بیرونی شعبے کے اشاریوں میں بہتری اور بین الاقوامی سرمایہ منڈیوں تک دوبارہ رسائی کے امور زیرِ بحث آئے۔وزیرِ خزانہ نے بیرونی قرضوں کے مجموعی حجم میں اضافہ کیے بغیر مہنگے اور قلیل مدتی قرضوں کی جگہ طویل مدت کے مالی وسائل حاصل کرنے کے لیے جاری کوششوں سے آگاہ کیا۔پاکستانی وفد نے زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافے، جاری کھاتے کے خسارے کو محدود رکھنے اور اسٹیٹ بینک کی فارورڈ واجبات میں کمی کو اجاگر کیا۔ وزیرِ خزانہ نے آئی ایم ایف پروگرام کے بعد بھی ساختی اصلاحات جاری رکھنے اور برآمدات پر مبنی پائیدار معاشی ترقی کے عزم کا اعادہ کیا۔وزیرِ خزانہ نے موڈیز کے نمائندوں سے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ میں مزید بہتری کے امکانات اور درجہ بندی کے جائزے میں سیاسی خطرات اور معاشی کارکردگی کو مناسب طور پر مدِنظر رکھنے کے حوالے سے بھی آراطلب کیں۔

بقیہ	سحر	28

اظہار انہوں نے ادویات پر 2D بارکوڈ کے نفاذ اور اس کے ٹرائل کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ اجلاس میں کیا۔چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈریپ نے وفاقی وزیرِ صحت کو ادویات پر 2D بارکوڈ اور سیریلائزیشن کے نظام کے نفاذ سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ	سحر	29

کے تحت شہری اب گھر بیٹھے آن لائن درخواست دے سکیں گے اور تصدیق کا عمل مکمل ہونے پر انہیں ای سرٹیفکیٹ ای میل کے ذریعے جاری کیا جائے گا۔نئے نظام کے تحت شہریوں کو دستاویزات کی تصدیق کے لیے وزارت خارجہ کے دفاتر کے بار بار چکر لگانے کی ضرورت نہیں ہوگی، درخواست موصول ہونے کے بعد دستاویزات کی جانچ پڑتال اور تصدیق کی جائے گی، جس کے بعد درخواستِ گزار کو آگاہ کیا جائے گا۔دستاویزات کی تصدیق مکمل ہونے کے بعد شہریوں کو آن لائن فیس جمع کرانے کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے، فیس کی ادائیگی کے بعد ای سرٹیفکیٹ درخواست گزار کو ای میل کے ذریعے جاری کیا جائے گا۔وزارت خارجہ کے اس اقدام سے شہریوں کے وقت اور محنت کی بچت ہوگی، جبکہ دستاویزات کی تصدیق کا عمل بھی مزید تیز اور آسان بنانے میں مدد ملے گی، ڈیجیٹل نظام کے ذریعے شہریوں کو قطاروں اور طویل انتظار سے بھی نجات ملنے کی توقع ہے۔وزارت خارجہ کا دستاویزات کی تصدیق کے لیے ڈیجیٹل نظام متعارف کرانے کا اقدام سرکاری خدمات کو جدید خطوط پر استوار کرنے، شفافیت بڑھانے اور شہریوں کو گھر بیٹھے سہولیات فراہم کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ	سحر	30

تحریکِ تحفظِ آئینِ پاکستان کا سربراہی اجلاس محمود خان اچکزئی کی زیرِ صدارت ہوا، جس میں علامہ راجہ ناصر عباس، اختر مینگل اور بیرسٹر گوہر نے شرکت کی۔سلمان اکرم راجہ، صاحبزادہ حسن رضا، سید زین شاہ اور مشتاق احمد خان بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔اعلامیے کے مطابق تحریکِ تحفظِ آئینِ پاکستان نے حکومت سے ہر قسم کے مذاکرات بند کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔اجلاس میں موجودہ سیاسی صورتِ حال اور آئندہ کے لائحہ عمل پر مشاورت کی گئی۔

بقیہ	سحر	31

پاکستان اور تھائی لینڈ کے درمیان اقتصادی تعاون کو وسعت دینے اور دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے سے متعلق امور زیرِ بحث آئے۔ملاقات میں دونوں جانب سے اعلیٰ سطح کے روابط اور دوروں کی بحالی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا جن میں دونوں ممالک کے وزرائے اعظم کی سطح پر روابط بھی شامل ہیں۔

بقیہ	سحر	32

کو پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں صوبہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے حوالے سے پیش کردہ صدارتی حکمنامے پر بحث کا آغاز کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز قومی اسمبلی اور سینیٹ میں صدر مملکت کی جانب سے صوبہ خیبر پختونخوا میں آئین کے ارٹیکل 232 اور 234 کے تحت ایمرجنسی کے اور گورنر راج کے نفاذ کے حوالے سے قرار دادوں کی منظوری دی ہے

بقیہ	سحر	33

ناگزیر ضرورت ہے تاکہ وہ ملکی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرسکیں۔وزارتِ آئی ٹی سے جاری بیان کے مطابق شزہ فاطمہ خواجہ نے دیہی خواتین کے عالمی دن کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ حکومت دیہی علاقوں کی خواتین کو انٹرنیٹ اور جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے بااختیار بنا رہی ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ ڈیجیٹل پاکستان کے وژن کے تحت دیہی خواتین ای کامرس اور دیگر آن لائن پلیٹ فارمز کو بروئے کار لا کر نہ صرف ملکی بلکہ دنیا بھر میں کاروبار سے منسلک ہو رہی ہیں۔شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ جدید آئی ٹی اور سوشل ایپلی کیشنز کے ذریعے دیہی خواتین گھر بیٹھے باعزت روزگار کمانے کے قابل بن چکی ہیں۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دیہی خواتین کو ڈیجیٹل لٹریسی اور جدید ٹیک ٹریننگ کی فراہمی وزارتِ آئی ٹی کی اولین

بقیہ	سحر	34

کا دورہ کیا، جہاں انہیں سرکاری اداروں کے نظامِ کار، ادارہ جاتی ڈھانچے اور خدمات کی فراہمی کے طریقہ کار سے آگاہ کیا گیا۔اس موقع پر سمیڈا کی جنرل منیجر (کارپوریٹ افیئرز) صالحہ سعید نے افسران کو ادارے کے دائرہ کار، ترجیحات اور تین سالہ بزنس پلان کے تحت جاری اہم اقدامات پر بریفنگ دی۔

بقیہ	سحر	35

کانفرنس روم میں ملاقات کرائی گئی، جہاں رازداری میسر نہیں تھی اور جیل اہلکار گفتگو سنتے رہے۔ایمل مندوخیل نے کہا ہے کہ جیل حکام نے دستاویزات اندر لے جانے یا ملزمان کو دینے کی اجازت نہیں دی، ملاقات صرف 25 منٹ جاری رہی جس کے باعث کیس سے متعلق مؤثر مشاورت نہیں ہوسکی۔وکیل کے مطابق ایمان مزاری اور ہادی علی ٹرائل کا بائیکاٹ نہیں کر رہے بلکہ دونوں ملزمان ذاتی حیثیت میں عدالت میں پیش ہونا چاہتے ہیں، دونوں نے عدالتی احکامات کو چیلنج کرنے کی ہدایت بھی کی ہے۔جج طاہر عباس سپرا نے استفسار کیا کہ جیل حکام بتائیں کہ ملزمان کو عدالت میں پیش کیوں نہیں کیا گیا، جیل حکام کی رپورٹ نہ آنے کی صورت میں ایس ایس پی کو طلب کیا جائے گا۔جج طاہر عباس سپرا نے ریمارکس دیے کہ ہمارا نظام ناکام ہو چکا، وکلاء کی عزت عدالتوں سے ہے، اگر عدالتیں نہ ہوں تو وکلاء کی عزت کون کرے گا؟ دورانِ سماعت وکیل ریاست علی نے کہا کہ اب کالے کوٹ والوں کو لوگ برا بھلا کہتے ہیں۔جج طاہر عباس سپرا نے کہا کہ گزشتہ روز جب میں نے دیگر باتیں کیں تو ایمان مزاری اور ہادی علی کو سمجھ آرہی تھی، لیکن جب کیس سے متعلق بات شروع ہوئی تو انہیں آواز کا مسئلہ ہونے لگا۔

بقیہ	سحر	36

ڈپٹی اٹارنی جنرل رفاقت علی ڈوگر کے ہمراہ پیش ہوئے اور رپورٹ جمع کروائی۔سماعت کے دوران عدالت نے ممبر کسٹم آپریشن سمیت دیگر افسران کے پیش نہ ہونے پر شدید برہمی کا اظہار کیا۔

بقیہ	سحر	37

جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔محمد حنیف عباسی نے زور دیا کہ معصوم بچوں کی جانوں سے کھیلنے والوں کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جانی چاہیے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ واقعے کے ذمہ داروں کا فوری تعین کر کے انہیں قانون کے مطابق کڑی سزا دی جائے۔

بقیہ	سحر	38

کہ ایمرجنسی پر کے پی عوام کی خاموشی لاکھوں لوگ نکالنے کا بیانیہ بنانے والوں کے منہ پر طمانچہ ہے۔پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیر افضل مروت نے کہا کہ پی ٹی آئی میں قبضہ مافیا کا راج ہے۔انہوں نے کہا کہ دو تین دن ہوگئے ایمرجنسی کو خیبر پختونخوا کے عوام نے خاموش بیٹھ کر ردعمل دیا ہے، یہ خاموشی طمانچہ ہے ان تمام لوگوں کے منہ پر جو بیانیہ بنا رہے تھے کہ لاکھوں لوگ نکلیں گے۔شیر افضل مروت نے کہا کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ نے اپنی حکومت کا کبھی احتساب ہی نہیں کیا۔رکن قومی اسمبلی نے کہا کہ آپ نے ماسوائے نفرت اور جھوٹ پھیلانے اور گالیاں دینے کے کچھ کیا ہی نہیں۔شیر افضل مروت نے کہا کہ پی ٹی آئی میں ایک مافیا ہے جو میرٹ کو پامال اور اپنے لوگوں کو پروموٹ کرتا ہے، یہ لوگ سازشوں اور غیبت کے علاوہ کوئی اور کام نہیں کرتے۔شیر افضل مروت نے کہا کہ دو ماہ بعد خیبر پختونخوا میں بانی پی ٹی آئی اور علی امین کا راج ہوگا۔اپنے سڑکوں پر نکلنے کے سوال کے جواب میں شیر افضل مروت نے کہا کہ اس وقت سڑکوں پر نکلوں گا مجھے نکالنے والے دست بستہ خود کہیں گے حضور آجائیں۔

بقیہ	سحر	39

محمود اشرفی نے مدینہ منورہ کے علاقے میں کروز میزائل حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے سعودی عرب کی قیادت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اللہ رب العزت نے اپنے محبوب نبی حضرت محمد مصطفیٰ کے مقدس شہر کو پہلے بھی محفوظ رکھا ہے اور ان شاء اللہ آئندہ بھی محفوظ رکھے گا۔انہوں نے اپیل کی کہ (آج) جمعہ، 16 اکتوبر کو بالخصوص پاکستان بھر میں اور بالعموم پوری دنیا میں حوثی دہشت گردوں کے حملوں کے خلاف یومِ مذمت منایا جائے اور مملکت سعودی عرب کی قیادت اور عوام کے ساتھ بھرپور اظہارِ یکجہتی کیا جائے۔انہوں نے علماء ومشائخ سے اپیل کی کہ خطباتِ جمعہ میں ان حملوں کی مذمت کریں اور حرمین شریفین، سعودی عرب اور پوری امتِ مسلمہ کی سلامتی کے لیے خصوصی دعائیں کریں۔

بقیہ	سحر	40

۔ملک کے بعض حصے حالت جنگ میں ہیں جس کے اثرات پورے معاشرے پر اثر انداز ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہونا یہ چاہیے تھا کہ پی ٹی آئی بطور اپوزیشن سیاسی جماعت اپنا بھرپور کردار ادا کرتی، عوامی ایشوز پر سیاست کرتی اور اپنے ساتھیوں کی رہائی کے لئے پرامن تحریک چلاتی جبکہ پختونخواہ کی حکومت صوبے کا نظم ونسق چلاتی اور سیاسی اختلاف رکھتے ہوئے وفاق پر دھاوے بولنے کی بجائے مل کر دہشتگردی کی بیخ کنی کیلئے مشترکہ لائحہ عمل اپناتی تاکہ نہ صرف دہشتگردی سے صوبے کی جان چھوٹتی بلکہ عمران خان اور ان کے ساتھیوں کیلئے آزادی کا راستہ بھی بنتا لیکن سب کچھ اسکے الٹ ہوا۔خود پی ٹی آئی کے دانشمند عناصر کو بھی مشکوک قرار دے کر انہیں عمران خان اور دیگر اسیران کے لئے راستہ بنانے سے روک دیا گیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت اپوزیشن مذاکرات کے دوران پی ٹی آئی وفد کے پاس فیصلہ کرنے کا اختیار ہی نہیں تھا، انہوں نے بار بار ڈرافٹ میں ترامیم کروائیں، سب کچھ طے کیا لیکن اپنے پیچھے موجود افراد کو قائل نہ کر سکے اور مذکرت ٹوٹ گئے، لانگ مارچ موخر کیا جاسکتا تھا لیکن نہیں کیا گیا، اسی طرح عمران خان سے پہلے ملاقات کروانے کا مطالبہ ایسا نہ تھا کہ اس پر عملدرآمد نہ ہوسکے، حکومت کو یہ ملاقات کروا دینی چاہیے تھی لیکن ایسا نہیں ہوا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے سنجیدہ سیاسی وداانشور حلقے چاہتے ہیں کہ حکومت اپوزیشن مذاکرات نہ ٹوٹیں، اپوزیشن کے جائز مطالبات مانے جائیں، مذاکرات کے نتیجے میں گورنر راج کا فیصلہ واپس ہو اور دہشتگردی کے خلاف جنگ مل کر لڑی جائے۔

بقیہ	سحر	41

والے نوجوان کو آف لوڈ کر کے حراست میں لے لیا۔وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے ترجمان کے مطابق امیگریشن کے دوران حکام نے ایک نوجوان کو مشکوک سمجھتے ہوئے روکا، جو اسٹڈی ویزے پر آذربائیجان جا رہا تھا۔حکام کے مطابق نوجوان کے تعلیمی اسناد اور دیگر کاغذات چیک کیے گئے تو وہ جعلی نکلے۔نوجوان نے بتایا کہ وہ ایجنٹ کے ذریعے ا?ذربائیجان جا رہا تھا جہاں سے وہ یونان جانا چاہتا تھا۔نوجوان نے بتایا کہ اس کام کے لیے اس نے ایجنٹ کو 50 لاکھ روپے دیے۔ایف آئی اے حکام نے نوجوان کو حراست میں لے کر مزید تحقیقات کے لیے ایف آئی اے سرکل آفس منتقل کردیا ہے۔

بقیہ	سحر	42

پیپلز پارٹی ماورائے آئین کسی اقدام پر رضامندی ظاہر کر رہی ہے تو یہ غلط ہے، پیپلز پارٹی آئین بنانے والی اور اس کی قدر کرنے والی جماعت ہے۔انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے دور میں تحریک طالبان پاکستان کے افراد کو واپس لایا گیا، اب ہمیں اپنی سرزمین پر ریاستی عملداری بحال کرنا ہوگی، دہشت گردی کے خلاف جنگ ریاستی سطح پر مل کر لڑنا ضروری ہے اور ریاست کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمے داری ہے۔شیری رحمٰن نے کہا کہ مذاکرات کے دوران اپوزیشن کے متعدد مطالبات تسلیم کیے گئے تھے اور اپوزیشن اپنے بیشتر مطالبات منوانے میں کامیاب ہوچکی تھی، اگر مذاکرات کامیاب ہوتے تو پولیس اور سیکیورٹی اداروں کا کردار مزید مؤثر ہوتا، تاہم اپوزیشن خود مذاکراتی عمل سے الگ ہوگئی، بیرونی اثر ورسوخ کے تحت بھی مذاکراتی عمل متاثر ہوا۔پیپلز پارٹی کی رہنما نے کہا کہ لانگ مارچ اور احتجاجی سیاست مسائل کا حل نہیں، ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے قومی مفاد کو ترجیح دینا ہوگی، ملک کو اس وقت متعدد مسائل کا سامنا ہے اور خطے کی صورتِ حال کے اثرات ہر فرد پر مرتب ہو رہے ہیں، قومی سانحات کا مقابلہ اتحاد اور یکجہتی سے کیا جاسکتا ہے، جبکہ دہشت گردی سے متاثرہ اضلاع کے عوام کی مشکلات کا ادراک بھی ضروری ہے۔

بقیہ	سحر	43

میں شہید ہونے والے بچوں کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قیمتی جانوں کا ضیاع انتہائی دردناک سانحہ ہے۔انہوں نے ہدایت کی کہ زخمی بچوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔امیر مقام نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ زخمی بچوں کی جلد صحت یاب کرے اور شہید بچوں کے لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ	سحر	44

سیشن 27-2026 کے لیے طلبہ کونسل کی تقریب حلف برداری میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔تقریب میں کیمبرج انٹرنیشنل ایجوکیشن کے امتحانات میں نمایاں تعلیمی کامیابیاں حاصل کرنے والے طلبہ کو سراہا گیا۔جمعرات کو یہاں جاری بیان کے مطابق حریم نعیم نے آئی جی سی ایس ای کی سطح پر انگریزی بطور دوسری زبان کے مضمون میں دنیا بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ ماہ نور بلال نے اردو بطور دوسری زبان، زینہ احمد نے اسلامیات اور رانیہ ملک نے پاکستان اسٹڈیز میں نمایاں کامیابی حاصل کی۔پاکستانی سفیر نے طلبہ اور ان کے اساتذہ کی لگن اور محنت کو سراہا۔ان اساتذہ میں انگریزی کے انور خان، اردو کے راؤ عبید الرحمٰن، اسلامیات کے نور مصطفیٰ اور پاکستان اسٹڈیز کی نایاب ارشد شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ کامیابیاں نہ صرف طلبہ کی اعلیٰ معیار کی تعلیم کے حصول کے عزم کی عکاس ہیں بلکہ ان کے اساتذہ کی محنت اور پاکستان ایمبیسی کالج بیجنگ کی معیاری تعلیم کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے کی کوششوں کا ثبوت بھی ہیں

بقیہ	سحر	45

اجلاس میں سب سے پہلے پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کے واقعے میں بچوں کے جاں بحق ہونے کے واقعے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق بچوں کے لیے دعائے مغفرت وفاتحہ خوانی کی گئی

بقیہ	سحر	46

ساتھ 10.9 بلین ڈالر تک پہنچ گئی ہیں۔سعودی عرب سے 899 ملین ڈالر، متحدہ عرب امارات سے 749 ملین ڈالر اور برطانیہ سے 515 ملین ڈالر کی خطیر ترسیلات موصول ہوئی ہیں۔

بقیہ	سحر	47

کرمی کا زور ٹوٹ گیا جبکہ حبکی میں اضافہ ہوگیا۔بارش کے باعث نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہوگیا، کئی علاقوں میں فیڈر ٹرپ ہونے سے بجلی کی سپلائی معطل ہوگئی۔اس کے علاوہ پنجاب کے دیگر شہروں مچھن آباد، سانگلہ ہل، ننکانہ صاحب، سیالکوٹ، حافظ آباد، پنڈی بھٹیاں اور دیگر شہروں میں بھی بارش سے موسم خوشگوار ہوگیا۔آزاد کشمیر کے پہاڑوں کے بعد شہری آبادیوں میں بھی برفباری ہوئی، وادی نیلم کے بالائی علاقوں میں برفباری ہوئی، سیاحتی گاؤں اڑنگ کیل میں برفباری سے ہر طرف سفیدی بکھر گئی، گریس ویلی، شونٹھر میں بھی برفباری سے موسم کی شدت بڑھ گئی۔مظفرآباد شہر اور گردونواح میں بھی بارش سے موسم تبدیل ہوگیا، وادی لیپہ، ضلع باغ، حویلی کے بلند پہاڑوں پر بھی برفباری ہوئی۔

بقیہ	سحر	48

بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر منعقدہ سمپوزیم میں وزیرخزانہ نے پاکستان کی معاشی صورتحال اور اصلاحاتی ایجنڈے پر روشنی ڈالی۔وزیرخزانہ نے بین الاقوامی کیپٹل مارکیٹس تک پاکستان کی دوبارہ رسائی اور مہنگے، قلیل مدتی قرضوں کی جگہ طویل مدت کی مالی معاونت حاصل کرنے کی کوششوں کا تفصیل سے ذکر کیا۔انہوں نے بیرونی شعبے کے اشاریوں میں بہتری، زرمبادلہ کے مضبوط ذخائر اور آئی ایم ایف کی تعریف کے مطابق خالص بین الاقوامی ذخائر کی مثبت صورتحال پر روشنی ڈالی۔انہوں نے آئی ایم ایف پروگرام مکمل کرنے اور اس کے بعد بھی پالیسیوں پر اعتماد اور تسلسل برقرار رک

کم عمر بچے سوشل میڈیا کا استعمال کر رہے ہیں، سارے محکمے سو گئے؟

چیف جسٹس

آپ کو پتہ ہے وی جینکیں دکانوں میں بک رہی ہیں، حکومت نے اس معاملے پر کیا کیا؟'، وزارت کامرس میٹا گلاسز کی امپورٹ پر پابندی کے لیے ریگولیشن بنا کر کابینہ میں پیش کرے گی، جسٹس مس عالیہ نیلم کا استفسار

سمری تیار کر لی ہے' ڈپٹی اٹارنی جنرل، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے 16 سال سے کم عمر بچوں کے سوشل میڈیا استعمال پر وفاقی حکومت سے پالیسی، میکنزم طلب کر لیا

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے 16 سال سے کم عمر بچوں کے سوشل میڈیا استعمال سے متعلق درخواست پر وفاقی حکومت سے پالیسی اور میکنزم طلب کر لیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے شہری حسنین العابدین کی درخواست پر سماعت کی۔ وفاقی حکومت کی جانب سے ایڈیشنل سیکرٹری وزارت کامرس سلیمان مفتی، جوائنٹ سیکرٹری وزارت داخلہ ثنا اللہ، چیف لیگل ممبر کسٹم، چیف کلکٹر پنجاب سمیت دیگر افسران (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

لاہور: سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی سے امریکہ یں ٹریننگ آف ٹرینرز پروگرام کیلئے پروبیشن اینڈ پیرول اور پریزن کے منتخب افسران ملاقات کر رہے ہیں

سندھ سے تعلق رکھنے والے سی ٹی پی افسران کا سمیڈا کا دورہ، ایس ایم ایز کی ترقی کے اقدامات پر بریفنگ

لاہور (سٹاف رپورٹر) سندھ سے تعلق رکھنے والے کامن ٹریننگ پروگرام (سی ٹی پی) کے پہلے بیچ کے زیر تربیت افسران نے اپنے مطالعاتی دورے کے سلسلے میں سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) کے لاہور دفتر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سندھ حکومت کے پہلے کامن ٹریننگ پروگرام کے زیر تربیت افسران کے وفد سے خطاب کر رہے ہیں

نظام ناکام ہو چکا ہے، ایمان مزاری اور ہادی علی کو عدالت میں پیش نہ کرنے پر جج کا اظہارِ برہمی

گزشتہ روز جب میں نے دیگر باتیں کیں تو ایمان مزاری اور ہادی علی کو سمجھ آ رہی تھی، جج طاہر عباس سپرا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت میں ایمان مزاری اور ہادی علی کے خلاف پیریز ہٹانے کے کیس کی سماعت میں وکلاء ایمل مندوخیل اور ریاست علی عدالت میں پیش ہوئے۔ وکیل ایمل مندوخیل نے عدالت کو بتایا کہ اڈیالہ جیل میں ملاقات کیلئے عدالتی حکم کے باوجود تاخیر کا سامنا کرنا پڑا، ایمان مزاری اور ہادی علی سے علیحدہ کمرے کے بجائے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کا پشاور سکول حادثے میں انسانی جانوں کے نقصان پر افسوس کا اظہار

واقعے کے ذمہ داروں کا فوری تعین کر کے انہیں قانون کے مطابق کڑی سزا دی جائے، حنیف عباسی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے پشاور میں سکول کی عمارت گرنے سے معصوم بچوں اور خاتون ٹیچر کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ وزارت ریلوے سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر نے حادثے کو انتہائی دل دہلا دینے والا سانحہ قرار دیتے ہوئے جاں بحق ہونے والے بچوں اور استانی کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندانوں کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ انہوں نے واقعے میں زخمی ہونے والے بچوں اور دیگر افراد کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

ایمرجنسی پر کے پی عوام کی خاموشی لاکھوں لوگ نکالنے کا بیانیہ بنانے والوں کے منہ پر طمانچہ ہے، شیر افضل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

مدینہ منورہ پر کروز میزائل حملے کی شدید مذمت، (آج) دنیا بھر میں یوم مذمت و یکجہتی کی اپیل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پاکستان علماء کونسل اور سیکرٹری جنرل انٹرنیشنل تنظیم حرمین شریفین کونسل حافظ محمد طاہر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

آئین میں ہونے کے باوجود گورنر راج، ایمرجنسی پسندیدہ عمل نہیں، سعد رفیق

بصد معذرت وفاق کو اس کی دعوت خود پی ٹی آئی کے جذباتی عناصر نے دی ہے' سینئر رہنما (ن) لیگ

مذاکرات کے نتیجے میں گورنر راج کا فیصلہ واپس ہو اور دہشتگردی کے خلاف جنگ مل کر لڑی جائے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ آئین میں ہونے کے باوجود گورنر راج یا ایمرجنسی پسندیدہ عمل نہیں لیکن بصد معذرت وفاق کو اس کی دعوت خود پی ٹی آئی کے جذباتی عناصر نے دی ہے، گزشتہ چند برسوں سے تحریک انصاف زیر عتاب اور سخت آزمائش سے گزر رہی ہے، ان کے رہنما اور سینکڑوں کارکنان جیلوں میں مقید ہیں، ہم جیسے جمہوری جدوجہد رکھنے والے لوگ تمام تر سیاسی اختلاف کے باوجود اس صورتحال پر خوش نہیں ہو سکتے۔ سوشل میڈیا پر ''2014 کے دھرنوں سے 2026 کے گورنر راج تک'' تحریر میں سعد رفیق نے کہا کہ وطن عزیز غربت، ناانصافی اور دہشتگردی کی آگ میں جل رہا ہے، خیبر پختونخواہ اور بلوچستان میں غیر ملکی مدد سے سرکاری املاک، اہلکاروں، علماء، عوام، تعلیمی اداروں پر جگہ جگہ حملے جاری ہیں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں موسم سرما کی پہلی بارش، بالائی علاقوں میں برفباری

صوبائی دارالحکومت لاہور میں ایبٹ روڈ، لکشمی چوک، مال روڈ، سول سیکرٹریٹ، سانده، چوبرجی، فیروز پور روڈ، گلبرگ، کینال روڈ، مسلم ٹاؤن سمیت دیگر علاقوں میں بارش سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا

مظفر آباد شہر اور گرد و نواح میں بھی بارش سے موسم تبدیل ہو گیا، وادی لیپہ، ضلع باغ، حویلی کے بلند پہاڑوں پر بھی برفباری ہوئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں موسم سرما کی پہلی بارش ہوئی جس سے خنکی بڑھ گئی۔ صوبائی دارالحکومت لاہور میں ایبٹ روڈ، لکشمی چوک، مال روڈ، سول سیکرٹریٹ، سانده، چوبرجی، فیروز پور روڈ، گلبرگ، کینال روڈ، مسلم ٹاؤن سمیت دیگر علاقوں میں بارش سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

محمد اورنگزیب کی بینک آف امریکا کے سمپوزیم میں شرکت، پاکستان کی معاشی صورتحال، اصلاحاتی ایجنڈے پر روشنی ڈالی

بنکاک (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے جمعرات کو بینک آف امریکا کے سمال ٹاکس سمپوزیم میں شرکت کی۔ تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں عالمی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

بلوچستان میں سی پیک کے مغربی روٹ پر 310 ارب روپے کے بڑے منصوبے جاری

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان میں چین پاکستان اقتصادی راہداری کے مغربی روٹ پر 310 ارب روپے کے بڑے منصوبوں پر کام جاری ہے۔ سی پیک کے تحت بلوچستان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

اسحاق ڈار اور مصری وزیر خارجہ کا رابطہ، علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال، تمام مسائل کے حل کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری کو واحد راستہ قرار دینے پر اتفاق

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے ٹیلی فون پر گفتگو کی جس میں تازہ علاقائی صورتحال اور مسائل کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

ڈی جی اینٹی کرپشن سمیت تین افسران توہین عدالت کیس میں 26 اکتوبر کو ذاتی حیثیت میں طلب

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے حکم امتناعی کے باوجود مقدمہ درج کرنے کے معاملے میں ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن سہیل ظفر چٹھہ سمیت تین افسران کو توہین عدالت کیس میں 26 اکتوبر کو ذاتی حیثیت میں طلب کرتے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

غیر ملکی خاتون سے زیادتی کیس، ملزمہ نمرا کی درخواست ضمانت خارج

لاہور (کورٹ رپورٹر) سیشن عدالت لاہور نے غیر ملکی خاتون ڈیانا سے مبینہ زیادتی کے کیس میں ملزمہ نمرا کی درخواست ضمانت خارج (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

خیبر پختونخوا کی ترقی اور عوامی مسائل کا حل حکومت کی ترجیح ہے، امیر مقام

ملک کا مفاد ہر چیز پر مقدم ہے اور ذاتی مفادات کے لیے پورے ملک کو مفلوج نہیں کرنا چاہیے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر امیر مقام نے کہا ہے کہ ماضی میں خیبر پختونخوا کے حالات اس قدر خراب ہو چکے تھے کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مشکل فیصلے کرنا ناگزیر ہو گیا تھا، جن کے مثبت اثرات سامنے آئیں گے، ملک کا مفاد ہر چیز پر مقدم ہے اور ذاتی مفادات کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

جسٹس منیب اختر نے بطور قائم مقام چیف جسٹس آف پاکستان حلف اٹھا لیا

جسٹس جمال مندوخیل نے جسٹس منیب اختر سے حلف لیا، اس حلف برداری کی تقریب سپریم کورٹ میں ہوئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کے نجی دورہ انگلینڈ کے باعث جسٹس منیب اختر نے قائم مقام چیف جسٹس کے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ جسٹس جمال مندوخیل نے جسٹس منیب اختر سے حلف لیا، حلف برداری کی تقریب سپریم کورٹ میں ہوئی، جس میں ججز اور عدالتی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

محفوظ فضائی سفر کیلئے ایئرپورٹس کے اطراف کوڑا کرکٹ کھلے عام پھینکنے سے گریز کیا جائے، پی اے اے

ایئرپورٹس کے قریبی علاقوں میں کھلے عام کچرا پھینکنے سے پرندوں کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ ہوتا ہے

ملکی فضائی حدود اور سفر کو ہر قسم کے خطرات سے محفوظ رکھا جا سکے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (پی اے اے) نے محفوظ فضائی سفر کو یقینی بنانے کے لیے عوامی آگاہی مہم کے تحت ہدایت جاری کی ہے کہ ایئرپورٹس کے اطراف اور ملحقہ علاقوں میں کوڑا کرکٹ کھلے آسمان تلے بالکل نہ پھینکا جائے کیونکہ صاف ستھرا ماحول ہی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

متحدہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر نئی رپورٹ جاری کرے پاکستان

اقوام متحدہ مقبوضہ

غزہ، یوکرین، سوڈان، لبنان، میانمار اور جمہوری جمہوریہ کانگو سمیت مختلف تنازعات سے متاثرہ علاقوں میں انسانی حقوق کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، پاکستانی مندوب

دنیا میں مسلح تنازعات کی تعداد 2010 کے بعد سے دوگنا ہو چکی ہے دنیا اس وقت شدید عالمی بے یقینی، ساختی عدم مساوات اور بڑھتے ہوئے مسلح تنازعات کا سامنا کر رہی ہے

اقوام متحدہ (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی جاری خلاف ورزیوں کے حوالے سے اقوام متحدہ کی نئی رپورٹ جاری کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ یہ مطالبہ پاکستان کے قائم مقام مستقل مندوب عثمان جدون نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی تیسری کمیٹی میں انسانی حقوق کے ہائی کمشنر وولکر ترک کی بریفنگ کے بعد ہونے والے مکالمے کے دوران کیا۔ وولکر ترک نے کمیٹی کو بتایا کہ دنیا میں مسلح (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62)

گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی دیر کالونی پشاور میں سکول کی چھت گرنے افسوسناک واقعے میں شہید ہونے والے بچوں کی اجتماعی نماز جنازہ میں شریک ہیں

عوامی مسائل کے بروقت حل اور معیاری سرکاری خدمات کی فراہمی کے لیے گورننس ریفارمز ناگزیر ہو چکی ہیں' ابراہیم مراد

لاہور (سٹاف رپورٹر) یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ایم ٹی) کے صدر ابراہیم حسن مراد سے سابق وفاقی سیکرٹری فواد حسن فواد نے ملاقات کی، جس میں پاکستان میں گورننس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

پی ایچ اے تمام اضلاع میں کمرشل نرسریاں قائم کرے گی' ڈی جی احمد عثمان جاوید

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب ہارٹی کلچر اتھارٹی اپنے زیر انتظام اضلاع میں موسمی پھول اور آرائشی پودوں کی رعایتی قیمتوں پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

پنجاب بھر میں ون وے کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی

خلاف ورزیوں کی روک تھام کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں، ترجمان ٹریفک پولیس

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب بھر میں ون وے کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ کرتے ہوئے زیرو ٹالرنس پالیسی نافذ کر دی گئی۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق خلاف ورزیوں کی روک تھام کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں جبکہ سیف سٹی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66)

مختلف وارداتوں میں شہری قیمتی شیاء سمیت دیگر سامان سے محروم

لٹن روڈ فیصل ٹاؤن اور یکی گیٹ سے موٹر سائیکلیں چوری ہو گئیں

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا تفصیلات کے مطابق رائیونڈ سٹی میں یاسین سے 3 لاکھ 80 ہزار روپے اور موبائل فون، راوی روڈ میں بشارت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

سندھ میں 20 پروبیشن اینڈ پیرول پریزن افسران کا جدید تربیت کیلئے امریکہ جانا

ہائی رسک مجرمان کی نگرانی، جی پی ایس مانیٹرنگ اور جدید اوفنڈر مینجمنٹ نظام پر تربیت دی جائے گی

پروگرام پر پنجاب حکومت کو کوئی مالی بوجھ نہیں پڑے گا' سیکرٹری داخلہ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی سے منتخب افسران کی ملاقات

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب میں پروبیشن اینڈ پیرول اور پریزن نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے اہم پیشرفت ہوئی ہے، جس کے تحت دونوں محکموں کے 20 افسران تربیتی دورے پر امریکہ جائیں گے۔ امریکی ریاست ورجینیا میں 24 اکتوبر سے 8 نومبر تک جاری رہنے والے تربیتی پروگرام میں الیکٹرانک مانیٹرنگ، جی پی ایس نگرانی اور ٹیکنالوجی پر مبنی مجرمان کے انتظام کے جدید طریقوں سے آگاہی دی جائے گی۔ امریکی تربیت کے لئے منتخب افسران نے محکمہ داخلہ پنجاب میں سیکرٹری داخلہ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی سے ملاقات کی۔ اس موقع پر سپیشل سیکرٹری داخلہ زینب خان، آئی جی پریزن میاں سالک جلال، سابق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

سوات، سی ٹی ڈی اور پولیس کا آپریشن، 3 دہشتگرد ہلاک

کارروائی کے دوران فرار ہونے والے 2 دہشت گردوں کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا

سوات (مانیٹرنگ ڈیسک) سوات میں سی ٹی ڈی اور پولیس نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر کے 3 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سی ٹی ڈی کے مطابق کارروائی تھانہ کانجو کی حدود میں واقع علاقے سخاڈوب میں کی گئی، ہلاک دہشت گرد ٹی ٹی پی کمانڈر مظفر عرف خالد گروپ سے تعلق رکھتے تھے۔ کارروائی کے دوران فرار ہونے والے 2 دہشت گردوں کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا۔

پشاور سکول واقعہ، پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں جاں بحق بچوں کیلئے دعائے مغفرت

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی زیر صدارت ہوا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا میں گورنر راج کی توثیق کیلئے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں پشاور میں سکول کی چھت گرنے سے جاں بحق بچوں کیلئے دعائے مغفرت و فاتحہ خوانی کی گئی۔ پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی زیر صدارت ہوا۔ مشترکہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

معاشی صورتحال میں بہتری کیساتھ ترسیلات زر میں نمایاں اضافہ ہوا ہے' خرم شہزاد

ستمبر میں ترسیلاتِ زر 3.6 بلین ڈالر ریکارڈ کی گئیں، سالانہ بنیاد پر 12.7 فیصد زیادہ ہیں' مشیر خزانہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) مشیر خزانہ خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پاکستان کی معاشی صورتحال میں بہتری کے ساتھ ترسیلات زر میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، ستمبر 2026 میں ترسیلاتِ زر 3.6 بلین ڈالر ریکارڈ کی گئیں، جو سالانہ بنیاد پر 12.7 فیصد زیادہ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کی بھیجی جانے والی ریکارڈ ترسیلات زر موجودہ حکومت پر ان کے بھرپور اعتماد کی واضح عکاس ہیں۔ خرم شہزاد نے بتایا کہ رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں ترسیلاتِ زر 14 فیصد اضافہ کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

لاہور: صوبائی وزیر کھیل فیصل ایوب کھوکھر پنجاب یونیورسٹی نیو کیمپس میں تین روزہ کتاب میلے میں مختلف سٹالز کا معائنہ کر رہے ہیں

انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم سے زیرِ تربیت 6 افسران کی ملاقات

زیر تربیت افسران کو پانچ روز کے لیے پنجاب پولیس کے مختلف شعبوں سے منسلک کیا گیا ہے، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم سے 54 ویں کامن ٹریننگ پروگرام کے زیرِ تربیت 6 افسران نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ وفد میں پولیس سروسز آف پاکستان سے 3، فارن سروسز آف پاکستان سے 2 جبکہ پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروسز سے ایک افسر شامل تھا۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے کہا کہ آن گراؤنڈ پولیسنگ، مشاہدے اور فیصلہ سازی کا عملی تجربہ زیرِ تربیت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

پراپرٹی ٹریبونل کے عبوری حکم کیخلاف اپیل یا نظر ثانی دائر نہیں ہو سکتی' لاہور ہائیکورٹ

عدالت نے پنجاب پراپرٹی ٹریبونل کے عبوری حکم کے خلاف درخواست ناقابل سماعت قرار دے دی

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب پراپرٹی ٹریبونل سے متعلق اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ پراپرٹی ٹریبونل کے عبوری حکم کے خلاف اپیل یا نظر ثانی دائر نہیں ہو سکتی، عدالت نے پنجاب پراپرٹی ٹریبونل کے عبوری حکم کے خلاف درخواست ناقابل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

ورلڈ بینک کا واسا لاہور کے ترقیاتی منصوبوں میں تعاون بڑھانے میں دلچسپی کا اظہار

ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس، جدید نکاسی آب کے نظام اور پائیدار واٹر مینجمنٹ کے منصوبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق

ورلڈ بینک کے وفد کا واسا لاہور ہیڈ آفس کا دورہ، ایم ڈی واسا لاہور غفران احمد سے ملاقات

لاہور (سٹاف رپورٹر) ورلڈ بینک کے وفد نے واسا لاہور ہیڈ آفس کا دورہ کیا جہاں ایم ڈی واسا لاہور غفران احمد نے وفد کا استقبال کیا۔ ایم ڈی واسا لاہور غفران احمد کی زیر صدارت ورلڈ بینک وفد کے ساتھ اہم اجلاس منعقد ہوا۔ وفد کو واٹر سپلائی، سیوریج سسٹم اور ادارے کے جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ ایم ڈی واسا غفران احمد نے کہا کہ پانی کی فراہمی و نکاسی آب کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

پنجاب پولیس کے سب انسپکٹرز کی ترقیوں کے دوسرے مرحلے کیلئے کوائف طلب

سینیارٹی نمبر 301 سے آگے کے افسران کے کیسز زیر غور آئیں گے، ریکارڈ جمع کرانے کی آخری تاریخ 16 اکتوبر مقرر

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس کے سب انسپکٹرز کی ترقیوں کے لئے فیز ٹو میں صوبہ بھر سے کوائف مانگ لیے گئے ہیں۔ آئی جی پنجاب آفس کی جانب سے جاری مراسلے کے مطابق ترقی کیسز کی تازہ ترین معلومات جمع کرانے کے لیے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

لاہور، خوفناک ٹریفک حادثے میں ایک ہی خاندان کے 3 افراد جاں بحق

تیز رفتار 22 ویلر ٹرالر ٹریفک سگنل پر کھڑی کار پر چڑھ گیا، میاں، بیوی، کمسن بیٹا ہلاک، گاڑی مکمل طور پر تباہ

مقدمے میں ٹرالر کے ڈرائیور کی غفلت، لاپرواہی اور تیز رفتاری کو حادثے کا ذمہ دار قرار دیا گیا ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) گڑھی شاہو کے علاقے علامہ اقبال روڈ پر خوفناک ٹریفک حادثے میں میاں، بیوی اور ان کے کمسن بیٹے سمیت 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق تیز رفتار 22 ویلر ٹرالر ٹریفک سگنل پر کھڑی کار پر چڑھ گیا، جس کے نتیجے میں گاڑی مکمل طور پر تباہ ہو گئی۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور گاڑی کے مختلف حصوں کو کاٹ کر لاشیں نکالیں۔ تینوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کو ماں کی بیٹے کے خلاف تشدد اور گھر فروخت کرانے کی شکایت

شکایت پر ایس ڈی پی او کینٹ کو ماں کو فوری تحفظ اور انصاف دینے کا حکم دے دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے ماں کی بیٹے کے خلاف تشدد اور گھر فروخت کرانے کی شکایت پر ایس ڈی پی او کینٹ کو ماں کو فوری تحفظ اور انصاف دینے کا حکم دے دیا۔ اسی طرح سسرالیوں کے ہاتھوں خواتین پر تشدد کی شکایات پر ایس ایچ او ز فیصل ٹاؤن، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

وفاقی محکموں میں سمارٹ میٹرز کی تنصیب، لیسکو کا ایل ٹی میٹرز تبدیل کرنے کا فیصلہ

رواں ماہ تمام وفاقی محکموں کے ایل ٹی میٹرز کو اے ایم آئی سمارٹ میٹرز سے تبدیل کیا جائے گا

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے وفاقی حکومت کے زیر انتظام تمام محکموں اور اداروں کے ایل ٹی میٹرز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail dailysehar1@gmail.com

انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے مرکزی امیر مولانا ڈاکٹر سعید عنایت اللہ سے مختلف علماء کرام کی ملاقات

لاہور (سٹاف رپورٹر) انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ ورلڈ کے مرکزی امیر مولانا ڈاکٹر سعید عنایت اللہ سے ان کی رہائش گاہ مکہ مکرمہ میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71)

معاہدے پر دستخط ہوتے تو بانی کو تمام سہولتیں یقینی بنانے میں ہم ساتھ دیتے، شیری رحمٰن

دہشت گردی سرخ لکیر ہے، ایک صوبہ الگ خارجہ پالیسی نہیں چلا سکتا، دہشت گردی کے خلاف جنگ مشترکہ طور پر لڑنا ہوگی

لانگ مارچ اور احتجاجی سیاست مسائل کا حل نہیں، ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے قومی مفاد کو ترجیح دینا ہوگی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ دہشت گردی سرخ لکیر ہے، ایک صوبہ الگ خارجہ پالیسی نہیں چلا سکتا، دہشت گردی کے خلاف جنگ مشترکہ طور پر لڑنا ہوگی۔ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے شیری رحمٰن نے کہا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ سے پہلے مذاکرات کو ترجیح دی گئی، بیرسٹر گوہر مذاکرات میں سنجیدہ تھے اور پیپلز پارٹی ان کے جذبے کی قدر کرتی ہے۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے اس ملک کے لیے اپنے قائدین اور کارکنوں کا خون دیا ہے اور تاریخ کے زخموں سے بہت کچھ سیکھا ہے، اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

لاہور: سول سوسائٹی کے اراکین اور وکلاء اپنے مطالبات کے حق میں ہائی کورٹ کے باہر مظاہرہ کر رہے ہیں

ملتان، جعلی دستاویزات پر بیرونِ ملک جانے والا نوجوان گرفتار

ملتان (بیورو رپورٹ) ایف آئی اے امیگریشن حکام نے ملتان ایئرپورٹ پر جعلی تعلیمی دستاویزات کے ساتھ بیرونِ ملک جانے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

امیر مقام کا پشاور کے نجی سکول کی چھت گرنے سے بچوں و ٹیچر کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر و صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام نے پشاور کے علاقے دیر کالونی میں نجی سکول کی چھت گرنے سے بچوں و ٹیچر کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ جمعرات کو جاری بیان میں انجینئر امیر مقام نے حادثے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

چین، پاکستانی سفیر علی اسد گیلانی کی پاکستان ایمبیسی کالج کی طلبہ کونسل کی تقریب حلف برداری میں بطور مہمان خصوصی شرکت

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چین میں پاکستان کے سفیر ڈاکٹر سید علی اسد گیلانی نے بیجنگ میں پاکستان ایمبیسی کالج کے تعلیمی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

گلگت بلتستان کو بھی تمام حقوق اور ترقیاتی مواقع ملنے چاہئیں

احسن اقبال

گلگت بلتستان کے عوام کو بنیادی قانونی حقوق، مساوی سہولیات اور وسائل سے محروم نہیں رکھا جا سکتا، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

وزیر اعظم کی جانب سے گلگت بلتستان کے عوام کے مسائل کے حل کے لیے قائم خصوصی سٹیئرنگ کمیٹی کے تیسرے اجلاس کی صدارت کی، جس میں ذیلی کمیٹیوں کی سفارشات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کے عوام کو بنیادی قانونی حقوق، مساوی سہولیات اور وسائل سے محروم نہیں رکھا جا سکتا، گلگت بلتستان کو بھی ملک کے دیگر صوبوں کی طرح تمام حقوق اور ترقیاتی مواقع ملنے چاہئیں۔ جمعرات کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کی جانب سے گلگت بلتستان کے عوام کے مسائل کے حل کے لیے قائم خصوصی سٹیئرنگ کمیٹی کے تیسرے اجلاس کی صدارت کی، جس میں ذیلی کمیٹیوں کی سفارشات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ احسن اقبال نے کہا کہ انہوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

چوہدری شافع حسین نے 4 روزہ گارمنٹ، ٹیکسٹائل مشینری اور اسیسریز نمائش کا افتتاح کیا، سٹالز کا معائنہ کیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے پاکستان کی سب سے بڑی گارمنٹ، ٹیکسٹائل مشینری اور اسیسریز کی چار روزہ نمائش کا افتتاح کیا۔ ایکسپو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

پاکستان میں سٹارٹ اپس، نوجوانوں اور کاروباری شعبہ سے وابستہ خواتین کے لیے آسان فنانسنگ اشد ضروری ہے' لاہور چیمبر